Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

# عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 13 | جمعۃ المبارک 27 جنوری 2023ء، 04 رجب المرجب 1444ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 254

وزیراعظم محمد شہباز شریف سے امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم نے اسلام آباد میں ملاقات کی، ملاقات میں جنیوا کانفرنس اور سیلاب کے بعد کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا

## پاک امریکا تجارتی و اقتصادی تعلقات مزید مستحکم بنانے کیلئے پرعزم ہیں، شہباز شریف

### پاکستان امریکہ کے ساتھ اپنے دیرینہ تعلقات کو اہمیت دیتا ہے، انہوں نے پاکستان کے امریکہ کے ساتھ اقتصادی اور تجارتی تعلقات کو مزید مضبوط کرنے کے عزم کا اعادہ کیا

### شہباز شریف نے اس بات پر زور دیا کہ دونوں ممالک کے درمیان منظم اور وسیع البنیاد رابطے دوطرفہ اور علاقائی شعبوں میں دونوں ممالک کے مشترکہ اہداف کو آگے بڑھانے کے عمل کے حوالہ سے اہم ہے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان اور امریکا کے درمیان اقتصادی اور تجارتی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کیلئے پرعزم ہیں، پاکستان امریکا کے ساتھ اپنے دیرینہ تعلقات کو اہمیت دیتا ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم نے اسلام آباد میں ملاقات کی، ملاقات میں جنیوا کانفرنس اور سیلاب کے بعد کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، وزیر اعظم نے تعمیر نو اور بحالی کی کوششوں کے لیے امریکا کی مسلسل حمایت پر شکریہ ادا کیا۔ وزیراعظم نے اس بات کا اعادہ کیا کہ پاکستان امریکہ کے ساتھ اپنے دیرینہ تعلقات کو اہمیت دیتا ہے، انہوں نے پاکستان کے امریکہ کے ساتھ اقتصادی اور تجارتی تعلقات کو مزید مضبوط کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ شہباز شریف نے اس بات پر زور دیا کہ دونوں ممالک کے درمیان منظم اور وسیع البنیاد رابطے دوطرفہ اور علاقائی شعبوں میں دونوں ممالک کے مشترکہ اہداف کو آگے بڑھانے کے عمل کے حوالہ سے اہم ہے۔ ملاقات کے دوران امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم نے کہا کہ سیلاب سے بحالی کے ساتھ ساتھ معاشی ترقی اور اصلاحات کے لئے حکومت پاکستان کی کوششوں کی حمایت جاری رکھیں گے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان اور امریکا کے درمیان اقتصادی اور تجارتی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کیلئے پرعزم ہیں، پاکستان امریکا کے ساتھ اپنے دیرینہ تعلقات کو اہمیت (بقیہ نمبر 1)

## انٹرنیٹ کی تعلیم دیہی خواتین کی خودانحصاری کی طرف اہم قدم ہے، شازیہ مری

### پاکستان کی خواتین پوری دنیا کی خواتین سے بہادر اور زیادہ حوصلہ مند ہیں، وفاقی وزیر و چیئرپرسن

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وفاقی وزیر و چیئرپرسن بی آئی ایس پی شازیہ مری نے کہا ہے کہ انٹرنیٹ کی تعلیم دیہی خواتین کی خودانحصاری کی طرف اہم قدم ہے۔ اسلام آباد میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شازیہ مری نے کہا کہ پاکستان کی خواتین پوری دنیا کی (بقیہ نمبر 4)

## مریم نواز کل (ہفتہ) وطن واپس پہنچیں گی، تیاریاں عروج پر

### سینئر لیگی رہنما کو بڑے جلوس کی صورت میں ائیرپورٹ سے ان کی رہائشگاہ جاتی امراء رائے ونڈ لایا جائیگا

لاہور (خبرنگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سینئر نائب صدر و چیف آرگنائزر مریم نواز کل (ہفتہ) کے روز وطن واپس پہنچیں گی، مریم نواز لندن سے براستہ دبئی وطن واپس آرہی ہیں، مسلم لیگ (ن) کی جانب سے مریم نواز کی وطن واپسی پر پرتپاک استقبال کی (بقیہ نمبر 3)

## عمران خان ریڈ لائن گرفتار کیا تو ناقابل تلافی نقصان ہوگا، زرتاج گل

### محسن نقوی الیکشن نہیں سلیکشن پر فوکس کریں گے، پی ٹی آئی کارکنوں کی بلاجواز گرفتاری انتقامی سیاست ہے

ملتان (سٹی رپورٹر) عمران خان ریڈ لائن، گرفتار کیا تو ناقابل تلافی نقصان ہوگا۔ محسن نقوی الیکشن نہیں سلیکشن پر فوکس کریں گے۔ پی ٹی آئی کارکنوں کی بلاجواز گرفتاری انتقامی سیاست ہے۔ انتقامی سیاست بند اور الیکشن کی تاریخ نہ دی گئی تو ملک گیر احتجاج ہوگا۔ ان خیالات (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے چیف آف دی نیول سٹاف ایڈمرل محمد امجد ملاقات کررہے ہیں

### امداد کے استعمال کے معاملے کو سنجیدگی سے دیکھتے ہیں، امریکی امداد کی مانیٹرنگ کیلئے مختلف جگہوں کے دورے کیے جاتے ہیں

# پاکستان کو ملنے والی امداد زیر نظر رکھیں گے، امریکہ

### پاکستان کو 200 ملین ڈالر کی امداد پر چیک اینڈ بیلنس رکھیں گے کیوں کہ ہم نے امداد کے استعمال کے معاملے کو سنجیدگی سے دیکھتے ہیں

### عالمی بینک نے 1.1 ارب ڈالر کے پراجیکٹ کے لون موخر کر دیئے کیوں کہ عالمی بینک کو حکومت کی معاشی حکمت عملی سے اختلاف ہے

### علاوہ ازیں انہوں نے کہا کہ پاکستان کے معاشی چیلنج سے واقف ہیں، اسے بہتر معاشی پوزیشن پر دیکھنا چاہتے ہیں، جہاں ممکن ہو پاکستان کی سپورٹ کرتے ہیں

اسلام آباد/واشنگٹن (نمائندہ عوامی للکار) امریکہ نے کہا ہے کہ پاکستان کو 200 ملین ڈالر کی امداد پر چیک اینڈ بیلنس رکھیں گے کیوں کہ ہم نے امداد کے استعمال کے معاملے کو سنجیدگی سے دیکھتے ہیں۔ میڈیا بریفنگ میں امریکی محکمہ خارجہ کے ترجمان نیڈ پرائس نے کہا کہ امریکی امداد کی مانیٹرنگ کے لیے مختلف جگہوں کے دورے کیے جاتے ہیں، اسی کے تحت امریکی ڈیزاسٹر سینٹر نے پاکستان کے کئی علاقوں کا دورہ کیا، جہاں اقوام متحدہ اور غیر سرکاری تنظیموں کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں، امریکی (بقیہ نمبر 5)

## وفاقی وزیر تجارت سید نوید قمر سے قازقستان کے سفیر کی ملاقات

اسلام آباد (پی آئی پی) پاکستان اور قازقستان نے تجارتی راہداری معاہدے پر دستخط کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ یہ اتفاق رائے وفاقی وزیر تجارت سید نوید قمر سے قازقستان کے سفیر یرژان کستانیف (بقیہ نمبر 7)

## ریلوے کو عوامی استعمال کیلئے زمین لیز پر دینے کی اجازت

### ریلوے اپنی زمینوں سے متعلق قانون سازی پارلیمنٹ یا کابینہ سے کروائے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سپریم کورٹ نے پاکستان ریلوے کو عوامی استعمال کے لیے زمین لیز پر دینے کی اجازت دے دی۔ عدالت عظمیٰ میں پاکستان ریلوے کی زمینوں کی لیز سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی، چیف جسٹس پاکستان کی سربراہی میں تین رکنی خصوصی بینچ نے سماعت کی۔ سپریم (بقیہ نمبر 8)

## عمران خان کے قریبی لوگوں نے پارٹی کی جڑیں کاٹ دی، پرویز الٰہی

### چار پانچ قریبی لوگوں میں سے ایک پکڑا گیا ہے، پہلے پکڑا جاتا تو کام ٹھیک رہتا، سابق وزیراعلیٰ پنجاب

### پی ٹی آئی والوں کو بہت سمجھایا ہمیں کام کرنے دو، ایک سال اور کام کرتے تو ن لیگ کے کپڑے بھی نہ ملتے

لاہور (نامہ نگار) سابق وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی نے دبے لفظوں پی ٹی آئی رہنماؤں پر تنقید کے ساتھ ساتھ عمران خان کی تعریف بھی کر دی۔ چوہدری پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ عمران خان کے قریبی چار پانچ لوگوں میں سے ایک تو پکڑا گیا ہے، پہلے پکڑا جاتا تو کام ٹھیک رہتا (بقیہ نمبر 6)



لاہور: صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی خطاب کررہے ہیں

## عمران خان کو گرفتار کیا گیا تو شدید عوامی ردعمل آئے گا، عارف علوی

### سیاسی میدان میں حکومت کی جانب سے ڈیڑھ ماہ میں مذاکرات میں کوئی پیش رفت نہیں کی گئی

### صدر علوی نے کہا کہ سیاسی میدان میں حکومت کی جانب سے ڈیڑھ ماہ میں مذاکرات میں کوئی پیش رفت نہیں کی گئی

لاہور (خصوصی رپورٹر) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ عمران خان کو گرفتار کیا گیا تو اس کا شدید عوامی ردعمل آئے گا۔ سینئر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے صدر مملکت کا کہنا تھا کہ عمران خان کی گرفتاری پر مزید حالات خراب ہوں گے، ایسا نہیں ہونا چاہیے کیوں کہ شدید عوامی ردعمل (بقیہ نمبر 9)

## چوہدری شجاعت فارغ، وجاہت حسین ق لیگ کے نئے صدر منتخب

### مسلم لیگ ق کی مرکزی جنرل کونسل نے چوہدری شجاعت کے بھائی چوہدری وجاہت حسین کو پارٹی کا مرکزی صدر منتخب کرلیا

### ق کی جنرل کونسل کا اجلاس مسلم لیگ ہاس ڈیوس روڈ میں ہوا جس میں چوہدری شجاعت حسین کو پارٹی کی صدارت سے ہٹانے کا فیصلہ کیا گیا

لاہور (خصوصی نامہ نگار) مسلم لیگ (ق) کے صدر چوہدری شجاعت حسین کو پارٹی صدارت سے فارغ کردیا گیا۔ پاکستان مسلم لیگ ق کی جنرل کونسل کا اجلاس مسلم لیگ ہاس ڈیوس روڈ میں ہوا جس میں چوہدری شجاعت حسین کو پارٹی کی صدارت سے ہٹانے کا فیصلہ کیا گیا۔ مسلم لیگ ق کی مرکزی جنرل کونسل نے چوہدری شجاعت کے بھائی چوہدری وجاہت حسین کو پارٹی کا مرکزی صدر منتخب کرلیا۔ طارق بشیر چیمہ بھی عہدے سے فارغ، ان کی جگہ کامل علی آغا کو پارٹی کا مرکزی سیکرٹری جنرل بنایا گیا ہے۔ اجلاس میں دونوں عہدوں پر انتخاب بلا مقابلہ کیا گیا۔ مشاورتی اجلاس میں پنجاب، کے پی، بلوچستان، سندھ کے پارٹی عہدیداران اور رہنماں نے شرکت کی جبکہ مرکز اور آزاد کشمیر سے مسلم لیگ ق کے عہدیدار بھی شریک ہوئے، اجلاس میں سابق ارکان (بقیہ نمبر 13)

## آصف کرمانی اپنی ہی حکومت کے وزراء پر برس پڑے

### لیکن آج بھی صورتحال مختلف نہیں، لیگی سینیٹر کا سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال

اسلام آباد (خبرنگار) مسلم لیگ ن کے سینیٹر آصف کرمانی اپنی ہی حکومت کے وزراء پر برس پڑے، آصف کرمانی نے سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ اگر وزراء نہیں (بقیہ نمبر 14)

لاہور: پنجاب کی 8 رکنی کابینہ آج رات 9 بجے حلف اٹھائے گی

## راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں کیخلاف کاروائیاں

### 06 ملزمان گرفتار، 04 کلو سے زائد چرس اور شراب برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں، 06 ملزمان گرفتار، 04 کلو سے زائد چرس اور شراب برآمد، مقدمات درج (بقیہ نمبر 15)

## بھارت اپنے غیر قانونی زیر تسلط جموں وکشمیر میں انسانیت سوز مظالم ڈھا رہا ہے۔ قمر زمان کائرہ

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) وزیراعظم کے مشیر برائے امور کشمیر وگلگت بلتستان قمر زمان کائرہ نے کہا ہے کہ بھارت کے نام نہاد یوم جمہوریہ کو مظلوم کشمیری عوام یوم سیاہ کے طور پر منا رہے ہیں، جموں وکشمیر پر ناجائز قبضے کے باوجود خود کو ایک جمہوریہ کہلانا بھارت کے لیے شرمناک ہے، ایک جانب بھارت یوم جمہوریہ منا رہا ہے تو دوسری جانب اس نے کشمیریوں کے بنیادی حقوق تک سلب کر رکھے ہیں (بقیہ نمبر 12)

## فواد چوہدری کی بازیابی سے متعلق درخواست کا مختصر تحریری حکم جاری

### فواد چوہدری کے کزن نبیل شہزاد نے بازیابی کی درخواست دائر کی تھی

لاہور (نیوز رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے تحریک انصاف کے رہنما فواد چوہدری کی بازیابی سے متعلق درخواست کا مختصر تحریری حکم جاری کر دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس طارق سلیم (بقیہ نمبر 10)

## راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں

### 04 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مقدمات درج، راولپنڈی پولیس

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف جکاروائیاں، 04 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم گل میر اور عبداللہ کو گرفتار کرکے ملزمان سے 02 پستول 30 بور معہ (بقیہ نمبر 11)

## فوری الیکشن نہ ہوئے تو قوم کے غضب کے آگے کوئی نہیں کھڑا ہوسکے گا، شیخ رشید

### گرفتاریاں جیلیں اور مقدمات حکومت کو کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکتے، کچھ دن گزارنے ہیں تو معیشت ٹھیک کریں

### 200 کا ڈالر دینے والے ارسطو ڈار نی 250 کا ڈالر کرنے کی اجازت دیدی ہے، سابق وفاقی وزیر داخلہ

لاہور (خبرنگار) سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ جو غیر برائے فروخت کے نام سے حکمران بنائے گئے تھے انہوں نے ملک برائے فروخت کے بورڈ لگا دیئے، گرفتاریاں جیلیں اور مقدمات حکومت کو کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکتے، اگر کچھ دن گزارنے ہیں تو معیشت ٹھیک کرنی ہوگی۔ ٹوئٹر (بقیہ نمبر 17)





اسلام آباد: پی ٹی آئی نے انتقامی کارروائیوں میں ملوث افسروں کی فہرست الیکشن کمیشن کو جمع کرادی

## پاکستان کے کثیر جہتی معاہدے جن میں بھارت بھی فریق ہے، تفصیلات سینٹ میں پیش

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) پاکستان کے کثیر جہتی معاہدے جن میں بھارت بھی فریق ہے کے حوالے سے تفصیلات سینٹ میں پیش کر دی گئیں۔ تحریری جواب میں بتایا گیا کہ پاکستان نے (بقیہ نمبر 18)

## مریم نواز پنجاب کی وزارت اعلیٰ کی امیدوار کے سوال پر مسکرا اٹھیں

لاہور (نیوز رپورٹر) مسلم لیگ ن کی سینئر نائب صدر مریم نواز پنجاب کی وزارت اعلیٰ کی امیدوار کے سوال پر مسکرا اٹھیں۔ لندن میں صحافی نے مریم نواز سے سوال کیا کہ ماضی میں آپ تمام تر مسائل کے باوجود متحرک رہیں، نئے رول میں (بقیہ نمبر 26)

## بھارتی یوم جمہوریہ کے موقع پر واہگہ بارڈر پر مٹھائی اور تحائف کا تبادلہ

### پاکستان رینجرز کی بی ایس ایف انڈیا کے جوانوں کو انکے یوم جمہوریہ پر مبارکباد

لاہور (سٹی رپورٹر) پاکستان اور بھارت کے مابین تناؤ کے باوجود دونوں ممالک کی سرحدی فورسز ایک دوسرے کے مذہبی اور قومی تہواروں پر خیر سگالی کے طور پر مٹھائی کا تبادلہ کرتی (بقیہ نمبر 27)

## ایک سال میں 550 خواتین بچوں کے ہمراہ دارالامان آئیں

### خواتین زیادہ تر طلاق کے مسائل کا شکار تھیں، سپرنٹنڈنٹ دارالامان فیصل آباد

### حال ہی میں دارالامان کو ویمن پروٹیکشن بل کے تحت شیلٹر ہوم ڈکلیئر کیا گیا ہے

فیصل آباد (خصوصی رپورٹر) دارالامان فیصل آباد کی سپرنٹنڈنٹ مسز صوفیہ رضوان نے بتایا کہ گزشتہ ایک سال کے دوران 550 خواتین دارالامان میں آئیں جن کے ساتھ ان کے 760 بچے بھی دارالامان آئے جبکہ گزشتہ سال دارالامان پہنچنے والی خواتین میں زیادہ تر طلاق کے مسائل کا شکار (بقیہ نمبر 21)

## برگر کی دکان میں سلنڈر دھماکے سے جھلس کر دو افراد زخمی

### برگر کی دکان میں گیس لیکج سے سلنڈر زور دار دھماکے سے پھٹ گیا

لاہور (خبرنگار) لاہور کے علاقہ سوامی نگر میں برگر کی دکان میں سلنڈر دھماکے سے جھلس کر دو افراد زخمی ہو گئے۔ بتایا گیا ہے کہ برگر کی دکان میں گیس لیکج سے سلنڈر زور دار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں دو افراد جھلس کر زخمی ہو گئے جنہیں طبی امداد کے لئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ریسکیو ٹیم نے آگ پر قابو پا لیا۔ لاہور کے علاقہ سوامی نگر میں برگر کی دکان میں سلنڈر دھماکے سے جھلس کر دو افراد زخمی ہو گئے۔ بتایا گیا ہے کہ برگر کی دکان میں گیس لیکج سے سلنڈر زور دار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے (بقیہ نمبر 23)



لاہور: پی ٹی آئی کے سوشل میڈیا ہیڈ ڈاکٹر ارسلان خالد بھی شاہانہ پروٹوکول لیتے رہے، تاہم اہم شخصیات سے سکیورٹی واپس لے لی گئی ہے، جس کے تحت لاہور اور پنجاب پولیس کے دیگر یونٹس سے لگائے گئے 554 اہلکار تھانوں اور یونٹس میں واپس بھجوا دیے گئے ہیں۔ پولیس حکام کے (بقیہ نمبر 28)

## بزدار، پرویز الٰہی سمیت سابق پنجاب حکومت کی اہم شخصیات کی سکیورٹی واپس

### لاہور اور پنجاب پولیس کے دیگر یونٹس سے 24 گاڑیاں اور 554 اہل کار سکیورٹی سے واپس لیے گئے ہیں

### لاہور اور پنجاب پولیس کے صوبائی دارالحکومت میں ایک ہزار سے زائد پولیس اہل کار سیاسی نمائندوں کو پروٹوکول دیتے رہے

لاہور (اسپیشل رپورٹر) پنجاب اور لاہور پولیس نے عثمان بزدار، پرویز الٰہی، مونس الٰہی، یاسمین راشد سمیت سابق پنجاب حکومت کی اہم شخصیات سے سکیورٹی واپس لے لی۔ ذرائع کے مطابق لاہور اور پنجاب پولیس کے صوبائی دارالحکومت میں ایک ہزار سے زائد پولیس اہل کار سیاسی نمائندوں کو پروٹوکول دیتے رہے، جن میں پی ٹی آئی کے سوشل میڈیا ہیڈ ڈاکٹر ارسلان خالد بھی شاہانہ پروٹوکول لیتے رہے، تاہم اہم شخصیات سے سکیورٹی واپس لے لی گئی ہے، جس کے تحت لاہور اور پنجاب پولیس کے دیگر یونٹس سے لگائے گئے 554 اہلکار تھانوں اور یونٹس میں واپس بھجوا دیے گئے ہیں۔ پولیس حکام کے (بقیہ نمبر 28)

لاہور: چوہدری شجاعت فارغ، وجاہت حسین مسلم لیگ ق کے نئے صدر منتخب

## ایس پی صدر بلال محمود سلہری کا تھانہ صدر بیرونی کا اچانک دورہ

### موجودہ سیکورٹی صورتحال کے حوالے سے تھانہ کی سیکورٹی کا جائزہ لیا

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) ایس پی صدر بلال محمود سلہری کا تھانہ صدر بیرونی کا اچانک دورہ، موجودہ سیکورٹی صورتحال کے حوالے سے تھانہ کی سیکورٹی کا جائزہ لیا اور ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو بریف کیا، ایس پی صدر نے تھانہ کے فرنٹ ڈیسک ریکارڈ، حوالات، تھانہ کی عمارت اور صفائی کے نظام سمیت دیگر امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ رات ایس پی صدر بلال محمود سلہری نے تھانہ صدر بیرونی کا اچانک دورہ کیا، ایس پی صدر نے موجودہ سیکورٹی صورتحال کے حوالے سے تھانہ کی سیکورٹی کا جائزہ لیا اور ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو بریف کیا، ایس پی صدر نے تھانہ کے فرنٹ ڈیسک ریکارڈ (بقیہ نمبر 19)

## دنیا بھر میں 5- فروری کو روایتی جوش وخروش کے ساتھ منایا جائیگا

### چاروں صوبوں، آزاد کشمیر، اور گلگت بلتستان سمیت ملک بھر میں تقریبات اور ریلیاں

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) یوم یکجہتی کشمیر پاکستان سمیت دنیا بھر میں 5- فروری کو روایتی جوش وخروش کے ساتھ منایا جائیگا اس سلسلہ میں چاروں صوبوں، آزاد کشمیر، اور گلگت بلتستان سمیت ملک بھر میں تقریبات اور ریلیاں نکالی جائیں گی جس میں مقررین خطاب کریں گے جبکہ کشمیری شہداء کی یاد میں ملک بھر میں ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی جائے گی اور انسانی ہاتھوں کی زنجیریں بنائی جائیں گی۔

## چودھری شجاعت حسین کو مسلم لیگ ق کی صدارت سے فارغ کردیا گیا

### علاوہ ازیں سابق ارکان اسمبلی، ٹکٹ ہولڈرز اور سینیٹر بھی اجلاس میں موجود تھے

### جنرل کونسل اجلاس میں طارق بشیر چیمہ کو بھی مرکزی سیکرٹری جنرل کے عہدے سے ہٹا دیا گیا

لاہور (نامہ نگار) مسلم لیگ ق جنرل کونسل کا اجلاس ہوا، جس میں چودھری شجاعت حسین کو پارٹی کی صدارت سے فارغ کردیا گیا۔ میڈیا کے مطابق جنرل کونسل اجلاس میں طارق بشیر چیمہ کو بھی مرکزی سیکرٹری جنرل کے عہدے سے ہٹا دیا گیا ہے۔ اجلاس میں چودھری وجاہت حسین کو مسلم لیگ (بقیہ نمبر 25)

## بھارت کے حوالے سے فیصل جاوید کا سوال، حنا ربانی کھر کا جواب

### پاکستان نہیں چاہے گا کہ کہیں بھی لاشیں گریں، ایل او سی پر واقعات کم ہوئے

### جو سابق حکومت نے کیا، میں کسی بھی ایسی چیز کے خلاف کھڑی ہوں گی

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) سینیٹ میں پی ٹی آئی کے سینیٹر فیصل جاوید نے بھارت سے متعلق سوال کیا جس کا وزیر مملکت برائے خارجہ امور حنا ربانی کھر نے جامع اور مفصل جواب دیا۔ سینیٹ میں پی ٹی آئی کے سینیٹر فیصل جاوید نے سوال کیا کہ 5 اگست کے اقدام پر فیصلہ ہوا تھا کہ بھارت سے کوئی مذاکرات نہیں ہوں گے، کیا موجودہ حکومت اس پوزیشن سے پیچھے ہٹ گئی ہے؟ موجودہ حکومت کے آنے کے بعد کشمیر کا معاملہ اجاگر نہیں ہوا۔ وزیر مملکت برائے خارجہ امور حنا ربانی کھر نے جواب دیتے (بقیہ نمبر 29)

## بین الاقوامی تعلیمی نظام سے مقابلے کے لئے آن لائن جدت ناگزیر ہوچکی ہے، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر تعلیم و پیشہ وارانہ رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ تعلیمی نظام میں انقلاب اور جدت کے بغیر ملک میں ترقی واستحکام ممکن نہیں، قوموں کی ترقی کا زینہ تعلیم (بقیہ نمبر 16)

## راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں کیخلاف کاروائیاں

### 06 ملزمان گرفتار، 04 کلو سے زائد چرس اور شراب برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں، 06 ملزمان گرفتار، 04 کلو سے زائد چرس اور شراب برآمد، مقدمات درج (بقیہ نمبر 15)

## الیکشن کمیشن ریاستی ادارہ نہیں، بغاوت کا مقدمہ کرسکتا، اعتزاز احسن

### عدالت میں سیاسی شخصیت کو چہرہ ڈھانپ کر پیش کرنا انسانیت کی تذلیل ہے، چہرہ اس کا چھپایا جاتا ہے

### چہرہ ان کا چھپایا جاتا ہے جس کی شناخت پریڈ ہونی ہوتی ہے، فواد چوہدری کا چہرہ جس مصلحت کے تحت بھی چھپایا گیا افسوس ناک ہے

لاہور (اسپیشل رپورٹر) ملک کے معروف قانون دان اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء چوہدری اعتزاز احسن نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن ریاستی ادارہ نہیں، نہ ہی بغاوت کا مقدمہ کرسکتا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پی ٹی آئی کے گرفتار رہنماء فواد چوہدری کے معاملے پر تبصرہ کرتے ہوئے انہوں نے (بقیہ نمبر 20)

## سوشل میڈیا پر ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ کی تشہیر کرنے والا ملزم گرفتار، پیرودھائی پولیس

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) پیرودھائی پولیس کی کاروائی، سوشل میڈیا پر ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ کی تشہیر کرنے والا ملزم گرفتار، اسلحہ برآمد، مقدمہ درج۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 22)

## رابری اور سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث میرو گینگ کا سرغنہ 03 ساتھیوں سمیت گرفتار، نصیر آباد پولیس

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) نصیر آباد پولیس کی موثر کاروائی، رابری اور سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث میرو گینگ کا سرغنہ 03 ساتھیوں سمیت گرفتار، ملزمان سے مسروقہ رقم 85 ہزار روپے اور 16 موبائل فونز برآمد، ملزمان سے موٹر (بقیہ نمبر 24)

## اشیائے ضروریہ کی بلیک مارکیٹنگ کسی صورت برداشت نہیں، اسسٹنٹ کمشنر

عارف والا (سٹی رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر اظہر طاروق وٹو نے کہا کہ اشیائے ضروریہ کی بلیک مارکیٹنگ کسی صورت برداشت نہیں عوام کو سستی اور معیاری اشیاء خرد ونوش کی یقینی فراہمی کیلئے ہر ممکن کوششیں جاری رہیں گی تاجر اور دکاندار حکومتی مقرر کردہ نرخ ناموں کے مطابق عوام کو اشیاء خرد ونوش کی (بقیہ نمبر 30)



فیصل آباد: ہم مارشل لا سے نہیں ڈرتے الیکشن کرانے سے کیوں ڈریں گے: طلال چوہدری

عوامی للکار
Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

# ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

## تعلیم کا عالمی دن

24 جنوری کو دنیا بھر میں تعلیم کا عالمی دن منایا گیا، رواں سال اقوام متحدہ نے اِس دن کو افغان بچیوں اور خواتین کے نام سے منسوب کیا ہے۔ دسمبر 2018 میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے ایک قرارداد منظور کی تھی جس کے ذریعے 24 جنوری کو تعلیم کا عالمی دن قرار دیا گیا اور پھر اگلے سال پہلی مرتبہ یہ دن منایا گیا جس کا مقصد امن اور ترقی کے لیے تعلیم کی اہمیت کو اجاگر کرنا تھا۔ اب اِس سال پانچویں عالمی دن کے موقع پر اقوام متحدہ نے عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ افغان حکومت کی توجہ افغانستان میں بسنے والی لڑکیوں کی تعلیم کی طرف دلائیں۔ اقوام متحدہ کی تعلیمی، سائنسی اور ثقافتی تنظیم (یونیسکو) کی ڈائریکٹر جنرل آڈرے ازولے کا کہنا تھا کہ اِس دن کو افغانستان میں ان تمام لڑکیوں اور خواتین کے لیے وقف کیا گیا ہے جنہیں سیکھنے، پڑھنے اور سکھانے کے حق سے محروم کر دیا گیا ہے، یونیسکو انسانی وقار اور تعلیم کے بنیادی حق پر اِس سنگین حملے کی مذمت کرتا ہے۔ آڈرے ازولے نے افغان خواتین کی تعلیم تک رسائی کو محدود کرنے والی پابندی کو فوری طور پر ہٹانے کا مطالبہ بھی کیا۔ اِس سے قبل بھی اقوام متحدہ نے کابل کے طالبان حکمرانوں کو پیغام دیا تھا کہ تعلیم انسانی حق کے ساتھ عوامی بھلائی اور ذمہ داری ہے جس سے افغان خواتین کو محروم نہیں کیا جا سکتا۔ واضح رہے کہ طالبان حکومت نے گزشتہ سال دسمبر میں لڑکیوں کی اعلیٰ تعلیم پر پابندی عائد کر دی تھی۔ اقتدار سنبھالنے کے بعد طالبان حکومت کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے اپنی پہلی پریس کانفرنس میں کہا تھا کہ وہ خواتین کو ملازمت اور تعلیم کے مواقع دیں گے۔ طالبان حکومت نے طلبا و طالبات کی علیحدہ تعلیم اور لڑکیوں کے لیے خواتین اور معمر اساتذہ کی تقرری جیسے طریقہ کار وضع کر رکھے تھے جن کے بعد اس طرح کی پابندی سمجھ سے بالاتر ہے، اسلام بنا کسی صنفی تفریق کے ہر مسلمان کو تعلیم کا حق دیتا ہے۔ یونیسکو کے مطابق افغانستان کی یونیورسٹیوں میں خواتین کی حاضری میں دو دہائیوں میں تقریباً 20 گنا اضافہ ہوا ہے۔ افغان حکومت کے اِس اعلان کے بعد دنیا بھر نے شدید ردعمل کا مظاہرہ کیا، اقوام متحدہ کی جانب سے اِس دن کو افغان بچیوں اور خواتین سے تعلیم سے منسوب کرنا بھی اِسی سلسلے کی اہم کڑی ہے۔ اِس وقت افغان حکومت کو خواتین کی تعلیم پر سنجیدگی سے غور کرنے کی ضرورت ہے، عالمی برادری کو چاہئے کہ طالبان حکومت کے ساتھ بات چیت کرے، ان کے داخلی اور خارجی مسائل سے صرف نظر نہ کرے جبکہ طالبان کو بھی سوچنا چاہئے کہ اِس طرح کے فیصلوں سے دنیا بھر میں کیا پیغام جائے گا، اسلام لڑکیوں کو تعلیم کے حق سے محروم نہیں کرتا بلکہ اِس کی تاکید اور اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔ ویسے تو لگتا ہے کہ خواتین کی خواندگی کا مسئلہ صرف ترقی پذیر ممالک میں ہی پایا جاتا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ دنیا بھر میں خواتین میں ناخواندگی کی شرح کافی زیادہ ہے حتیٰ کہ بعض ترقی یافتہ ممالک میں بھی صورت حال حوصلہ افزا نہیں ہے، 20 سے زائد ترقی یافتہ ممالک میں خواتین کی شرحِ ناخواندگی 70 فیصد سے بھی زائد ہے یعنی وہاں بھی لگ بھگ 30 فیصد خواتین ہی تعلیم حاصل کر پاتی ہیں۔ ایک رپورٹ کے مطابق پوری دنیا میں سکول داخل نہ ہو سکنے والے بچوں میں سے 53 فیصد لڑکیاں ہیں جبکہ ثانوی تعلیم حاصل نہ کر سکنے والے بچوں میں لڑکیوں کی تعداد بھی لگ بھگ 52 فیصد ہے اور اگر خواتین سے ہٹ کر تعلیم کی شرح پر نظر ڈالی جائے تو اقوام متحدہ کی رپورٹ کے مطابق پوری دنیا میں 24 کروڑ 40 لاکھ بچے اور نوجوان سکول نہیں جاتے جبکہ 77 کروڑ سے زائد بالغ افراد تعلیم حاصل کرنے سے محروم ہیں۔ عالمی سطح پر پرائمری اور بعض اوقات مڈل کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد 22 کروڑ 60 لاکھ بچے سیکنڈری سطح کی تعلیم حاصل نہیں کرتے، اِس لیے ایسے بچوں کی تعلیم صرف بنیادی جمع تفریق اور پڑھنے لکھنے کی حد تک محدود ہوتی ہے۔ براعظم جنوبی امریکہ اور یورپی ممالک میں اگرچہ شرحِ خواندگی 90 سے 100 فیصد تک ہوتی ہے تاہم بعض براعظموں میں یہ شرح 50 فیصد سے بھی کم ہے۔

## ترقی یا تنزلی، مقصد کیا؟

اگر انسان کے ہزارہا سال کے اس سفر پر ایک نظر دوڑائی جائے کہ غار سے نکل کر چاند پر کمندیں ڈالنے کا دعویٰ کرنے والے اِس انسان

تحریر: سنجل ملک، اسلام آباد

نے کیا کھویا کیا پایا، اور ترقی کے اس سفر میں، اور خود کو اپنے پیروں پر کھڑا کرنے کے مقصد نے اس کے وجود کو توڑا اور بکھیرا ہے۔

تو یہ سب اتنا دردناک ہے کہ انسان نما اس جانور نے انسانیت کے سارے وجود کو نیست و نابود کر کے وہ پر نکالے ہیں کہ اس کے بل پر اس نے آسمان سر پر اٹھا لیا ہے۔

چاند بھی انسان کی مٹھی میں آ گیا ہے اور امید ہے آئندہ کچھ سالوں میں مریخ کو بھی اپنی بغل میں دبا لے گا، مگر اس سب سے انسان کا کیا مقصد ہے یا ہو سکتا ہے؟

نت نئے شہر؟
پر ہجوم شاہراہیں؟
یا پھر اس بھیڑ میں خود کو کھو دینا؟

آج کا انسان تاریخ کو کیا پیش کرنا چاہتا ہے؟

مجھے تو لگتا ہے کہ آج کے انسان نے زمین کی زندگی کو پہلے سے زیادہ مشکل اور ناسازگار بنا دیا ہے اور یہ بھی ایک الم ناک حقیقت ہے کہ اس تہذیب و ثقافت کو تباہ کرنے کے نتیجے میں اپنی انسانیت کی دلیل احساس ذمہ داری، ادائیگی فرض، احساس ہمدردی، محبت، رواداری، مل جل کر قدرتی آفات کا مقابلہ کرنے جیسی خوبیوں سے بھی ہاتھ دھو بیٹھا ہے۔ لیکن میرے خیال سے تو غار سے نکل کر چاند پر کمندیں ڈالنے تک اس انسان نے سوائے زمینی انسان کو نظر انداز کرنے کے اور کچھ نہیں کیا۔

زمانہ جیسے جیسے ترقی کرتا گیا زمین کا انسان مل بیٹھ کر کھانے میں، مل جل کر رہنے میں، احساس ہمدردی میں اور انسانیت میں غریب ہوتا چلا گیا، طبقاتی تقسیم میں بٹتا چلا گیا، سیاسی، معاشی، عدم تحفظ کا شکار ہوتا گیا اور دعویٰ ہے چاند کو زیر کرنے کا اور مریخ کو بغل میں دبانے کا۔

ارتقا، ترقی ایک اصطلاح ہے جو میرے خیال میں انسانی سکون اور انسانیت سے ماورا نہیں۔

ہم کس رستے پر ہیں ترقی یا تنزلی؟
یہ آپ کا اپنا نقطہ نظر ہے

## اچھی نیت کا بہتر صلہ

پاکستان سیاست دانوں کے لئے بڑا زرخیز ملک ثابت ہوا ہے جہاں پر عوام انکے ہر عمل کی تقریباً اندھی پیروی کرنے سے بھی گریز نہیں کرتے، کئی مواقع پر تو سیاسی رہنماں کی عوام دشمنی طشت ازبام

رودادِ خیال
صفدر علی خاں
safdarkhan92@hotmail.com

ہو جانے کے باوجود انکی مقبولیت کا گراف نیچے نہیں آتا اور عوام کے پسندیدہ سیاسی رہنماں کے خلاف ثبوت دینے والوں کو الٹا ہزیمت کا سامنا کرنا پڑتا ہے کیونکہ عوام انکے بیانیہ کو سرے سے قبول ہی نہیں کرتے یہی سبب ہے کہ پاکستان کے عوام کو بے شمار مسائل کا سامنا رہتا ہے، اس وقت پورے ملک میں بجلی کا بدترین بحران آیا ہوا ہے، کچھ دن پہلے 23 جنوری 2023 کی صبح جب بجلی معمول کے تحت غائب ہوئی تو یار لوگ یہ توقع کر رہے تھے کہ ایک دو گھنٹوں بعد بجلی آ ہی جائے گی، کسی کو یہ کہاں معلوم تھا کہ ایک پراسرار خرابی کے باعث 16 گھنٹوں بعد بھی بجلی کا تعطل مکمل طور پر ختم نہیں ہو سکے گا اسکے بعد تا حال بجلی کے آنے جانے کا کوئی شیڈول طے نہیں ہے، دوسری طرف ملک میں بجلی کے بدترین بریک ڈاؤن پر وزیراعظم شہباز شریف نے قوم سے معذرت کر لی۔ انہوں نے لکھا کہ شہریوں کو پریشانی پر دلی افسوس ہے، خرابی کی وجوہات جاننے کیلئے انکوائری جاری ہے، ذمہ داروں کا تعین کیا جائے گا۔ یہاں پر وزیراعظم شہباز شریف کے حامیوں کی جانب سے انکے اس اعتراف کو سراہا گیا ہے تاہم ہم اس جگہ پر جون ایلیا کے اس شعر پر ضرور غور کرنا چاہئے۔ ع

میں جرم کا اعتراف کر کے
کچھ اور ہے جو چھپا گیا ہوں

سیاست میں عوام کے حقوق کی خاطر جدوجہد کرنے والا بیانیہ بہت مقبول رہا ہے اس میں عوام کا احساس کرنے کے دعوے بہت اہمیت رکھتے ہیں، واقعی اگر عوام کی مصیبتوں کا سیاست دانوں کو احساس ہو جائے تو پھر مسائل باقی نہیں رہتے، حقیقت میں احساس ہی اصل چیز ہے جس سے سیاستدانوں کو دوسروں کی خدمت کے لئے تحریک ملتی ہے، احساس کے بغیر تو زندگی ہی باقی نہیں رہتی، بقول شاعر

موت کی پہلی علامت صاحب
یہی احساس کا مر جانا ہے

احساس زندہ ہونے کی علامت ہی دراصل حقیقی زندگی ہے، ان حالات میں اب یار بیلیوں کا کہنا ہے کہ کسی کے احساس کے دعوے کو رد کرنے کا کسی کو کیونکر اختیار ہو سکتا ہے کسی نے کسی کے دل کو تو چیر کر نہیں دیکھا، بہر حال ہمیں خدا پر پختہ یقین ہے اور اگر دل سے کسی کے لئے کوئی نیک نیتی سے بھلائی کرتا ہے تو پھر بہتری کی صورت ضرور نکلتی ہے، کچھ بھی ہو جائے نیت ٹھیک ہو تو معاملات درست سمت ہی اختیار کرتے ہیں، سیاست دان اگر خلوص کیساتھ عوام کو مسائل سے چھٹکارہ دلانے کی کاوش کریں گے تو پھر ان کے ریلیف کی صورت بھی ضرور پیدا ہوگی۔ بقول شاعر۔

نیت ہو اگر نیک تو دیتا ہے خدا بھی
کرتے ہیں عمل لوگ تو ملتا ہے صلہ بھی

اس لئے جس قدر سیاستدانوں کی جانب سے عوام کی بھلائی کے دعوے اور نعرے لگائے جاتے رہے ہیں اگر اس میں "نیت" بھی صالح ہوتی تو پھر آج ملکی معیشت کا حال یہ نہ ہوتا، پاکستان میں ہر طرف خوشحالی ہی نظر آتی، خرابی پر ملال ہونا بھی چاہئے کیونکہ اگر نقصان کا احساس ہوگا تو ہی بہتری لانے کی تڑپ پیدا ہوگی، اب یہاں پر میں تو پروین شاکر کی شاعری پیش کر کے ہی اجازت چاہوں گا۔

پروین شاکر
ملال ہے مگر اتنا ملال تھوڑی ہے
یہ آنکھ رونے کی شدت سے لال تھوڑی ہے
بس اپنے واسطے ہی فکر مند ہیں سب لوگ
یہاں کسی کو کسی کا خیال تھوڑی ہے

## بڑھتا ہوا سیاسی درجہ حرارت

نسیم شاہد

یہ بات تو طے ہے کہ اب ایک طرف سیاست کی گرم بازاری اور دوسری طرف آئی ایم ایف کی شرائط مان کر عوام کے کس بل نکالنے کا سلسلہ جاری رہے گا۔ پاکستان میں یہ تکنیک بڑی پرانی ہے کہ ایک واقعہ سے توجہ ہٹانے کے لئے دوسرا واقعہ کھڑا کر دو۔

حکومتی حلقوں کی طرف سے جب یہ خبر بریک کی گئی کہ پاکستان نے آئی ایم ایف کے پاس جانے کا فیصلہ کر لیا ہے اور اس کی شرائط بھی پوری کرنے کی حامی بھر لی ہے تو ساتھ ہی سیاسی میدان میں ہلچل مچانے کے اسباب بھی پیدا کر دیئے۔ پہلی خبر یہ آئی کہ پولیس نے رات گئے ایک اجلاس میں عمران خان کی گرفتاری کا منصوبہ بنایا ہے جس کے بعد راتوں رات تحریک انصاف کے کارکن زمان پارک پہنچ گئے۔ سخت سردی اور بارش میں خیمے لگا کر پہرہ دینے لگے۔ تحریک انصاف کے رہنماں نے اپنی وہی بات دہرائی کہ عمران خان ہماری ریڈ لائن ہے، اسے کسی کو پار کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ اس دوران یہ خبر بھی آ گئی کہ پارٹی کے سینئر رہنما فواد حسین چودھری کو پولیس نے ان کے گھر سے گرفتار کر لیا ہے۔ پی ٹی آئی کے رہنماں کی طرف سے پہلا تاثر تو یہ دیا گیا کہ انہیں ونگو ڈالے میں جس پر نمبر پلیٹ بھی نہیں تھی اغوا کیا گیا ہے یہ سنسنی پھیلانے اور ایک حساس ادارے کو ملوث کرنے کی پرانی تکنیک ہے تاہم جلد ہی پولیس کی طرف سے واضح کر دیا گیا کہ فواد چودھری اس کی تحویل میں ہیں اور انہیں اسلام آباد میں درج ایک مقدمے کی وجہ سے گرفتار کیا گیا ہے جو الیکشن کمیشن کے سیکرٹری نے درج کرایا ہے فواد چودھری کی گرفتاری کے بعد سوشل میڈیا پر تحریک انصاف کے حامی اس گرفتاری کا سارا نزلہ پنجاب کے نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی پر گراتے رہے کہ انہوں نے آتے ہی تحریک انصاف کے خلاف انتقامی کارروائی شروع کر دی ہے۔ کیونکہ بقول ان کے انہیں اسی مقصد کے لئے لایا گیا ہے لیکن اصل کہانی یہ کھلی کہ فواد چودھری نے اپنے حالیہ بیانات میں جس طرح الیکشن کمیشن کے چیئرمین اور صوبائی ارکان کو دھمکیاں دی ہیں ان کی وجہ سے یہ مقدمہ قائم کیا گیا ہے۔ اب یہ بحث اپنی جگہ موجود ہے کہ اس قسم کے بیانات پر جو سراسر سیاسی مقاصد کے تحت دیئے جاتے ہیں کیا مقدمات کا اندراج ہونا چاہئے۔ فواد چودھری نے جو کچھ کہا ہے اس سے کہیں زیادہ سخت بیانات تو عمران خان دیتے ہیں خاص طور پر الیکشن کمشنر کے خلاف انہوں نے حد درجہ مخالفت پر مبنی اپنا بیانیہ بنا رکھا ہے اگر ان پر مقدمات درج نہیں کرائے گئے تو فواد چودھری پر مقدمہ درج کرا کے کیا پیغام دیا گیا ہے؟ اس وقت خاص طور پر حکومت کے لئے ہوشمندی کا تقاضا تو یہی ہے کہ وہ سیاسی ماحول کو ٹھنڈا رکھے، سیاسی درجہ حرارت بڑھا تو اس کا نقصان حکومت کو ہی ہوگا اگر فواد چودھری کے خلاف پرچہ درج ہو ہی گیا تھا تو انہیں پولیس تفتیش کے لئے طلب کر سکتی تھی اسے بہتر طریقے سے قانونی عمل سے گزارا جا سکتا تھا، رات گئے گرفتاری سے یہ تاثر ابھرتا ہے کہ سیاسی مخالفین کو انتقام کا نشانہ بنایا جا رہا ہے جو سیاسی لحاظ سے کوئی خوش آئند بات نہیں کل ہی اسپیکر قومی اسمبلی نے تحریک انصاف کے 43 ارکان اسمبلی کے استعفے منظور کر کے الیکشن کمیشن بھیج دیئے۔ جس تیزی سے الیکشن کمشن ان بھیجے گئے استعفوں پر نوٹیفکیشن جاری کرتا ہے فواد چودھری نے اسے تنقید کا نشانہ بنایا تھا حکومت اگر سیاسی حالات کو نارمل رکھنا چاہتی تو استعفوں کی منظوری کا فیصلہ نہ کرنے دیتی۔ تحریک انصاف نے اگر اسمبلی میں واپس آنے کا فیصلہ کیا تھا تو اسے آنے دیتی تاکہ ایک جمہوری عمل کا آغاز ہوتا۔ اس کی بجائے انہیں اسمبلی سے نکال کر سڑکوں پر بٹھا دینے کا فیصلہ کر کے نہ صرف ضمنی انتخابات کے لئے ایک بڑی شق کی بنیاد رکھ دی گئی ہے بلکہ سیاسی بے یقینی و بے چینی میں بھی اضافہ کیا ہے ایسے میں اگر یہ پالیسی اختیار کی گئی کہ اب کسی کو بولنے بھی نہیں دینا تو جمہوریت کے لئے کوئی نیک شگون نہیں ہوگا۔ تصویر کا دوسرا رخ یہ ہے کہ حکومت اب 9 ماہ بعد سخت فیصلے کرنے جا رہی ہے جو کام وہ سیاسی عدم مقبولیت کے خوف سے اب تک نہیں کر سکی اور جس کے باعث ملک اقتصادی طور پر تباہی کے دھانے پر پہنچ گیا وہ سب کچھ کرنے جا رہی ہے حکومت کی سوچ میں اس تبدیلی کی وجہ کیا ہے؟ یہ ایک اہم سوال ہے سخت فیصلے کر کے وہ اب اپنی مقبولیت کو داؤ پر کیوں لگا رہی ہے، کیوں وزیراعظم شہباز شریف کہہ رہے ہیں کہ انہیں اپنی سیاست کی کوئی پروا نہیں بلکہ یہ تک کہہ گئے کہ پاکستان کو موجودہ صورت حال سے نکالنے کے لئے انہیں جان بھی دینی پڑی تو دیں گے ظاہر ہے ایسا انہوں نے محاورتاً کہا ہے لیکن مقصد یہی ہے کہ وہ اب ہر قدم اٹھانے کے لئے تیار ہو چکے ہیں کیوں یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ آئی ایم ایف کی ہر شرط مان لینی ہے۔ جو ملک میں مہنگائی کا ایک نیا طوفان لانے کا باعث بنے گی۔ اگر حکومت اور مسلم لیگ (ن) نیز پی ڈی ایم یہ سمجھتی ہے کہ چند ماہ بعد الیکشن میں جانا ہے اس کے باوجود ہمیں یہ کڑے فیصلے کرنے چاہئیں تو یہ بات اس لئے عجیب نظر آتی ہے کہ پہلے انہی سخت فیصلوں کو اس لئے ٹالا گیا کہ انتخابات میں جانا پڑا تو عوام کا سامنا کیسے کریں گے۔ کیا کسی سطح پر یہ فیصلہ ہو چکا ہے کہ انتخابات وقت پر منعقد نہیں کرانے اور پہلے معیشت کو درست کرنا ہے؟ اس فیصلے کے بعد ہی آئی ایم ایف کے پاس جانے کا مشکل راستہ چنا گیا ہے خود حکومتی وزرا یہ کہتے رہے ہیں کہ انتخابات اگر کچھ عرصہ آگے ہو جائیں تو ملک کی خاطر یہ کوئی بڑا سودا نہیں۔ حقیقت تو یہ ہے کہ اگر انتخابات آئینی مدت کے خاتمے پر نہ ہوئے تو معاملہ بہت آگے چلا جائے گا۔ اس بات کا کھٹکا تحریک انصاف کو بھی ہے اس لئے عمران خان مسلسل یہ دباؤ ڈال رہے ہیں کہ حکومت انتخابات کرائے۔ وہ اسٹیبلشمنٹ کو بھی اسی لئے درمیان میں لاتے ہیں کہ اس کی منظوری کے بغیر یہ کام نہیں ہوگا۔ دو صوبوں کی اسمبلیاں تحلیل ہو گئی ہیں ان کے انتخابات کا شیڈول بھی ابھی جاری نہیں ہو سکا پنجاب اور خیبر پختونخوا میں تحریک انصاف کی حکومتیں تھیں تو وفاقی حکومت کے لئے واضح مسائل موجود تھے۔ اب نگران حکومتوں کی وجہ سے وفاقی حکومت بہت حد تک ان صوبوں پر کنٹرول حاصل کر چکی ہے اگر کوئی جواز بنا کر دونوں صوبوں کے انتخابات کو تین ماہ کی بجائے آگے کیا جاتا ہے تو اس سے وہ منصوبہ آشکار ہو جائے گا جو حکومت عام انتخابات کے حوالے سے بنا چکی ہے۔ اب ظاہر ہے یہ سب کچھ حکومت اسی صورت میں کر سکتی ہے جب سیاسی سطح پر ایک ٹھہراؤ موجود ہو مگر اس کے اقدامات سے لگ رہا ہے کہ وہ ابھی تک ابہام کا شکار ہے۔ قومی اسمبلی سے تحریک انصاف کے ارکان مستعفی ہونا حکومت پر ایک دباؤ تھا جسے روک کر اس نے اب تک اچھا فیصلہ کیا تھا کیونکہ الیکشن کمیشن بڑے پیمانے پر ضمنی انتخابات سے بچا ہوا تھا اب اچانک یکے بعد دیگرے 113 ارکان کے استعفے منظور کر کے حکومت نے گویا اپنے خلاف ایک اور محاذ کھول دیا ہے جس کی قطعاً ضرورت نہیں تھی۔ اسی طرح اگر حکومت عمران خان کو گرفتار کرنے کا ایڈونچر کرنا چاہتی ہے تو یہ بھی آئیل مجھے ماروالی بات ہوگی کسی بڑے رہنما کی گرفتاری سے سوائے انتشار کے اور کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ فواد چودھری کی گرفتاری بھی سیاسی ماحول کو گرم کرنے کا باعث بنی ہے۔ یہ ایک مسلمہ اصول ہے کہ اپوزیشن کو احتجاج کا ایندھن فراہم نہیں کرنا چاہئے۔ ملک میں جتنا سیاسی ٹھہراؤ ہوگا اتنا ہی حکومت کا فائدہ ہے تنا اور انتشار کی صورت میں اپوزیشن کو فائدہ اور حکومت کو نقصان ہوتا ہے۔ مقدمات درج ہوتے رہتے ہیں مگر گرفتاری کا مرحلہ تفتیش اور ثبوت کے بعد آتا ہے۔ ادھر مقدمہ اور ادھر گرفتاری یہ تاثر پیدا کرتی ہے کہ گرفتاری کے مقاصد سیاسی ہیں حکومت اگر یہ فیصلہ کیا ہے کہ وہ ملک کو اقتصادی بحران سے نکالنے کے لئے سخت فیصلے کرنا چاہتی ہے تو اسے اپنی ساری توجہ اس طرف مرکوز رکھنی چاہئے۔ سیاسی بے چینی میں اضافہ کرنے والے اقدامات سے گریز کرنا چاہئے کیونکہ معیشت بحالی کے لئے سخت فیصلوں کی وجہ سے پہلے ہی فضا اس کے حق میں نہیں ہوگی۔ اس پر اگر سیاسی بے چینی بھی بڑھ جاتی ہے تو حکومت کے لئے معاملات کو سنبھالنا آسان نہیں ہوگا۔ اب ظاہر ہے یہ سب کچھ حکومت اسی صورت میں کر سکتی ہے جب سیاسی سطح پر ایک ٹھہراؤ موجود ہو مگر اس کے اقدامات سے لگ رہا ہے کہ وہ ابھی تک ابہام کا شکار ہے۔ قومی اسمبلی سے تحریک انصاف کے ارکان مستعفی ہونا حکومت پر ایک دباؤ تھا جسے روک کر اس نے اب تک اچھا فیصلہ کیا تھا کیونکہ الیکشن کمیشن بڑے پیمانے پر ضمنی انتخابات سے بچا ہوا تھا اب اچانک یکے بعد دیگرے 113 ارکان کے استعفے منظور کر کے حکومت نے گویا اپنے خلاف ایک اور محاذ کھول دیا ہے جس کی قطعاً ضرورت نہیں تھی۔ اسی طرح اگر حکومت عمران خان کو گرفتار کرنے کا ایڈونچر کرنا چاہتی ہے تو یہ بھی آئیل مجھے ماروالی بات ہوگی کسی بڑے رہنما کی گرفتاری سے سوائے انتشار کے اور کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ فواد چودھری کی گرفتاری بھی سیاسی ماحول کو گرم کرنے کا باعث بنی ہے۔ یہ ایک مسلمہ اصول ہے کہ اپوزیشن کو احتجاج کا ایندھن فراہم نہیں کرنا چاہئے۔ ملک میں جتنا سیاسی ٹھہراؤ ہوگا اتنا ہی حکومت کا فائدہ ہے تنا اور انتشار کی صورت میں اپوزیشن کو فائدہ اور حکومت کو نقصان ہوتا ہے۔ مقدمات درج ہوتے رہتے ہیں مگر گرفتاری کا مرحلہ تفتیش اور ثبوت کے بعد آتا ہے۔

# SHOWBIZ شوبز

## سلمان خان کی فلم ''کسی کا بھائی کسی کی جان'' کا ٹیزر جاری

### سلمان خان کی فلم ''کسی کا بھائی کسی کی جان'' اس سال عید پر ریلیز کی جائے گی



ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ کے سپر سٹار سلمان خان نے اپنی نئی آنے والی فلم ''کسی کا بھائی کسی کی جان'' کا ٹیزر سوشل میڈیا پر جاری کر دیا۔ بالی ووڈ سپر سٹا سلمان خان نیا پنی فلم ''کسی کا بھائی کسی کی جان'' کا ٹیزر اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر شیئر کیا جسے کچھ ہی دیر میں لاکھوں مرتبہ دیکھا گیا۔ مداحوں کی جانب سے ٹیزر دیکھ کر سلمان خان کے ایکشن سین اور ڈائیلاگز کی تعریفوں کا سلسلہ شروع ہو گیا، جبکہ کئی صارفین کا کہنا ہے کہ یہ فلم سلمان خان کی بہترین فلموں میں سے ایک ہے۔ واضح رہے کہ سلمان خان کی فلم کسی کا بھائی کسی کی جان اس سال عید پر ریلیز کی جائے گی۔

## شامی ڈی کی روزنامہ عوامی للکار کے رپورٹر سے خصوصی گفتگو

## پاکستان شوبز انڈسٹری کے ابھرتے ہوئے سٹار

### والدین کی دعاں اور محنت سے اس مقام پر ہوں اور اللہ کا شکر ادا کرتا ہوں

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) پاکستان شوبز انڈسٹری کے ابھرتے ہوئے سٹار "شامی ڈی نے روزنامہ عوامی للکار کے رپورٹر سے گفتگو میں کہنا تھا کہ والدین کی دعاں اور محنت سے اس مقام پر ہوں اور اللہ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ اس ذات نے اتنے کم وقت میں اتنا نام اور شہرت دی راولپنڈی اور اسلام آباد جیسے شہروں میں ماڈلنگ اور ایکٹنگ میں اتنی جلدی نام بنانا انکے لئے اعزاز کی بات ہے انہوں نے مزید کہا کہ بچپن سے ہی یہ شوق اور خواہش تھی جس کے لئے دن رات محنت کی اور اپنی محنت اور کام کے بل بوتے پر نام کمایا اور مستقبل میں بھی محنت کی بنا پر کامیابیاں سمیٹوں گا وہ سفارشی کلچر کے خلاف ہیں اور پاکستان سے اسکے خاتمے کا عزم رکھتے ہیں، شامی ڈی کے کا مزید کہنا تھا کہ شوبز انڈسٹری ملکی ترقی کی عکاسی کرتی ہے اس انڈسٹری کے فروغ کیلئے حکومت کو توجہ دینے کی ضرورت ہے تاکہ نئے ٹیلنٹ سے مثبت چیزوں کو فروغ دیا جا سکے اور پاکستان کی شوبز انڈسٹری بھی دنیا میں اپنا مقام حاصل کر سکے جس سے دنیا کے سامنے پاکستان کا مثبت امیج جائے گا۔

## عرفی جاوید کو مسلمان اور ہندو کرائے پر مکان کیوں نہیں دے رہے؟

### واضح رہے کہ عرفی جاوید کو نیم عریاں لباس کے باعث تنقید کا سامنا رہتا ہے



ممبئی (شوبز نیوز) بھارتی اداکارہ و ماڈل عرفی جاوید نے شکوہ کیا ہے کہ انہیں مسلمان اور ہندو کرائے پر مکان نہیں دے رہے ہیں۔ ٹائمز آف انڈیا کی رپورٹ کے مطابق عرفی جاوید ممبئی میں کرایے کا اپارٹمنٹ تلاش کرنے کی جدوجہد کر رہی ہیں۔ اس حوالے سے عرفی جاوید کا کہنا تھا کہ مجھے میرے لباس کی وجہ سے مسلمان مالکان جبکہ ہندو مالکان میرے مسلمان ہونے پر مجھے کرائے پر گھر نہیں دے رہے۔ واضح رہے کہ عرفی جاوید کو نیم عریاں لباس کے باعث تنقید کا سامنا رہتا ہے۔ حال ہی میں انہیں نیم برہنہ فوٹو شوٹ کروانے پر دبئی میں گرفتار کیا گیا تھا۔

## ہمارے معاشرے میں عورتوں کو آزادی نہیں دی جاتی، مایا علی

### اگر لڑکی کسی لڑکے کو دوست بنا لے یا صرف پسند ہی کرے تو اسے بھائی ہی پسند نہیں کرتے

لاہور (شوبز نیوز) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ مایا علی نے کہا ہے کہ ہمارے معاشرے میں عورتوں کو آزادی نہیں دی جاتی، صرف عورت کو ہی خاندان کی عزت سمجھا جاتا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اداکارہ مایا علی اور اداکار بلال اشرف نے حال ہی میں ایک پوڈ کاسٹ میں شرکت کی جس کے دوران اداکارہ نے عورتوں کے حقوق سمیت کئی موضوعات پر بات کی ہے اداکارہ کا کہنا تھا کہ اگر لڑکا کوئی گرل فرینڈ بنا لے تو ہم بہو سے کہیں گے واہ واہ اس کی پسند ہے لیکن اگر لڑکی کسی لڑکے کو دوست بنا لے یا صرف پسند ہی کرے تو اسے بھائی ہی پسند نہیں کرتے۔

## اداکاراؤں کیخلاف جو قابلِ اعتراض مواد ہٹا سکتے تھے وہ ہٹا دیا، پی ٹی اے

کراچی (شوبز نیوز) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی ای) کا کہنا ہے کہ پاکستانی اداکاراؤں کا جو قابل اعتراض مواد سوشل میڈیا سے ہٹا سکتے تھے وہ ہٹا دیا گیا ہے۔ سندھ ہائیکورٹ میں سوشل میڈیا پر قابل اعتراض مواد اپ لوڈ کرنے سے متعلق معروف اداکاراؤں مہوش حیات اور کبریٰ خان کی درخواستوں پر سماعت ہوئی جس میں پی ٹی اے، وفاقی حکومت اور ایف آئی اے نے اپنے جواب جمع کرائے۔ جسٹس نعمت اللہ پھلپھوٹو نے سماعت کے دوران سوال کیا کہ مواد ہٹانے کی ہدایت کی تھی، کیا ہٹا دیا گیا اس پر سرکاری وکیل نے کہا کہ مہوش حیات کا بیان لے لیا ہے۔

## رانی مکھرجی اور امیتابھ بچن کی فلم 'بلیک' میں کام کر چکی ہے عائشہ کپور

### عائشہ کپور کے والد پنجابی بزنسمین دلیپ کپور اور والدہ چیکوسلین کپور جرمن سے ہے

ممبئی (شوبز نیوز) سال 2005 میں آئی فلم بلیک آپ بھی کو یاد ہی ہوگی۔ اس فلم میں امیتابھ بچن اور رانی مکھرجی نظر آئے تھے۔ فلم میں اپنے شاندار اداکاری سے دونوں نے شائقین کا دل جیت لیا تھا۔ فلم میں بگ بی اور رانی کے ساتھ ایک بچی بھی نظر آئی تھی۔ جنہیں مشیل میکنلی کے رول میں دیکھا گیا تھا۔ آپ کو بتا دیں کہ گھنگرالے بالوں میں نظر آئی اس معصوم سی بچی کا اصل نام عائشہ کپور ہے۔ عائشہ اب بڑی اور گلیمرس گرل بن چکی ہے۔ سجے لیلا بھنسالی کی فلم بلیک میں عائشہ کپور نے رانی مکھرجی کے بچپن کا کردار نبھایا تھا۔

## نورا فتحی نے مردوں سے محسوس ہونے والی خطرے کی علامات بتا دیں

### لڑکی کے راز دوسروں کو بتانا اس لڑکی کو سب سے زیادہ نقصان پہنچا سکتا ہے

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ کی ڈانسنگ کوئن نورا فتحی نے اپنے حالیہ انٹرویو میں کسی بھی مرد سے محسوس ہونے والی خطرے کی علامات کے حوالے سے گفتگو کی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق نورا فتحی نے اپنے حالیہ انٹرویو میں مردوں کے حوالے سے محسوس ہونے والی خطرے کی علامات کے ساتھ یہ بھی انکشاف کیا کہ بریک اپ کے بعد کوئی بھی مرد کس حد تک کسی لڑکی کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سب سے بڑی خطرے کی علامات بار بار غائب ہو جانا ہے، جیسے وہ چند دن آپ سے بات کرے گا اور پھر کچھ دنوں کے لئے غائب ہو جائے گا اور پھر جب دل کرے گا پھر آ جائے گا۔ اس کے علاوہ ایک سے زائد لڑکیوں سے ایک ہی وقت میں بات کرے گا۔ میزبان ک

# آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس

## 27 جنوری 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

بہارہ کہو فلائی اوور پر بجلی لائنز کی منتقلی / نئے ٹاور کی تنصیب کے پیش نظر 132KV گرڈ اسٹیشنز مری، منہاسہ، ڈیسٹو اور سمبلی برمل مورخہ 28 جنوری 2023ء صبح 08:00 بجے تا سہ پہر 04:00 بجے تک بند رہیں گے۔ اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بہارہ کہو فلائی اوور پر بجلی لائنز کی منتقلی / نئے ٹاور کی تنصیب کے باعث 132KV گرڈ اسٹیشنز مری، منہاسہ، ڈیسٹو، سمبلی برمل مورخہ 28 جنوری 2023ء صبح 08:00 بجے تا سہ پہر 04:00 بجے تک بند رہیں گے جس کی وجہ سے پنڈی پوائنٹ، باڑیاں، پبلک ہیلتھ، گھڑیال، پی اے ایف، اپر ٹوپہ، لوڑہ، پٹریاٹہ، کمپنی باغ، سیسل روسٹر، لوڑہ 2، ایم سی ایم، ٹی ڈی سی پی، کہوٹہ، سنی بینک، کلڈانہ، پی سی، دیرکوٹ، چمن کوٹ، رنگلہ، دانہ ایکسپریس، دیلہ، سوہاوہ منہاسہ، نمبل، دیرکوٹ 2، ڈیسٹو، پی اے ای سی ای، شاہ درہ فیڈرز متاثر ہوں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے۔

بقیہ 1

دیتا ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم نے اسلام آباد میں ملاقات کی، ملاقات میں جنیوا کانفرنس اور سیلاب کے بعد کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، وزیراعظم نے تعمیر نو اور بحالی کی کوششوں کے لیے امریکا کی مسلسل حمایت پر شکریہ ادا کیا۔ وزیراعظم نے اس بات کا اعادہ کیا کہ پاکستان امریکہ کے ساتھ اپنے دیرینہ تعلقات کو اہمیت دیتا ہے، انہوں نے پاکستان کے امریکہ کے ساتھ اقتصادی اور تجارتی تعلقات کو مزید مضبوط کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ شہباز شریف نے اس بات پر زور دیا کہ دونوں ممالک کے درمیان منظم اور وسیع البنیاد رابطے دوطرفہ اور علاقائی شعبوں میں دونوں ممالک کے مشترکہ اہداف کو آگے بڑھانے کے عمل کے حوالہ سے اہم ہے۔ ملاقات کے دوران امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم نے کہا کہ سیلاب سے بحالی کے ساتھ ساتھ معاشی ترقی اور اصلاحات کے لئے حکومت پاکستان کی کوششوں کی حمایت جاری رکھیں گے۔

بقیہ 2

کا اظہار فوکل پرسن وایڈوائزر ساؤتھ پنجاب خواتین ونگ تحریک انصاف ایڈووکیٹ سارہ علی سید نے سابق وفاقی وزیر و صدر جنوبی پنجاب وومن ونگ زرتاج گل سے ملاقات کے دوران کیا۔ زرتاج گل نے کہا کہ الیکشن کمیشن اور پی ڈی ایم کا جانبدار وزیراعلیٰ محسن نقوی کسی صورت قبول نہیں۔ غیر جانبدار وزیراعلیٰ پنجاب تعینات کیا جائے۔ پی ٹی آئی قائدین اور کارکنوں کی بلا جواز گرفتاری کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ گرفتاریوں سے کارکنوں کے حوصلے پست نہیں بلکہ مزید بلند ہوں گے۔ گرفتاریوں سے نہیں ڈرتے پاکستان کے روشن مستقبل کیلئے ہر قسم کی قربانی دینے کو تیار ہیں۔ جلد الیکشن کو یقینی بنایا جائے کہ جانبدار وزیراعلیٰ الیکشن نہیں سلیکشن پر فوکس کرے گا۔ ایڈووکیٹ سارہ علی سید نے کہا کہ بے گناہ فواد چودھری کو فوری رہا کیا جائے۔ امپورٹڈ حکمران دلیل کا جواب دلیل سے دیں ڈھنڈی سے نہیں۔ گرفتاریوں سے ہم دب جائیں گے تو یہ غلط فہمی ہے۔ خواتین بھی کسی قربانی سے پیچھے نہیں ہٹیں گی کہ تحریک انصاف کی خواتین پارٹی کا ہراول دستہ ہیں۔ عمران خان کی مقبولیت سے خوفزدہ ٹولہ ان کی تحریک کو دبانے کے لیے ہر ممکنہ حربہ استعمال کر رہا ہے۔ یہ جتنا بھی ظلم و جبر کر لیں عمران خان کی تحریک مزید جوش و جذبے کیساتھ آگے بڑھے گی۔ خواتین نے کہا کہ ملک کا بچہ بچہ عمران خان کی قیادت میں متحد ہو چکا ہے۔ کرپٹ حکمران عوام میں اپنا اعتماد کھو بیٹھے ہیں اسی لیے محسن نقوی کو الیکشن نہیں سلیکشن کیلئے لائیں ہیں۔ امپورٹڈ حکمران پورے ملک کی طرح جنوبی پنجاب میں بھی کلین بولڈ ہوں گے۔ خواتین عمران خان کی کال پر سڑکوں پر احتجاجی مظاہرے، دھرنے، لانگ مارچ کیلئے تیار ہیں۔ تحریک انصاف کو نقصان پہنچانے والوں کے آگے کارکنوں کی چٹان ہے۔ منزل کے حصول کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے۔

بقیہ 3

تیاریاں جاری ہیں اور انہیں ایک بڑے جلوس کی صورت میں ائیر پورٹ سے ان کی رہائشگاہ جاتی امراء رائے ونڈ لایا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق مسلم لیگ (ن) کی سینئر نائب صدر مریم نواز اپنے علاج اور والد محمد نواز شریف سے ملاقات کے لئے 5 اکتوبر کو لاہور سے لندن کیلئے روانہ ہوئی تھیں، اس وقت یہ اعلان کیا گیا تھا مریم نواز ایک ماہ قیام کے بعد نومبر میں وطن واپس پہنچ جائیں گی تاہم اس میں تاخیر ہوتی گئی۔ مریم نواز اپنے والد کے ہمراہ لندن سے جنیوا گئی تھیں جہاں ان کے گلے کا آپریشن بھی ہوا جس کے بعد ان کی دوبارہ لندن واپسی ہوئی۔ لندن میں قیام کے دوران ہی پارٹی کی جانب سے انہیں پارٹی کی سینئر نائب صدر اور چیف آرگنائزر کا عہدہ بھی تفویض کیا گیا۔ مریم نواز نے تین ماہ 21 روز بیرون ملک قیام کے بعد وطن واپس آرہی ہے ہیں اور واپسی پر ان کے پرتپاک استقبال کیلئے تیاریاں جاری ہیں۔ بتایا گیا ہے کہ مریم نواز لندن سے دبئی پہنچیں گی اور وہاں ایک روز قیام کے بعد ہفتہ کے روز تین بجے کے قریب لاہور ائیر پورٹ پر اتریں گی۔ مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر سیف الملوک کھوکھر کی سربراہی میں مریم نواز کی وطن واپسی کے موقع پر شاندار استقبال کیلئے اجلاسوں اور رابطوں کا سلسلہ جاری ہیں۔ سیف الملوک کھوکھر کے لئے بھی لاہور کے صدر کا عہدہ سنبھالنے کے بعد یہ پہلا امتحان ہے۔ ذرائع کے مطابق لاہور کے علاوہ قریبی اضلاع اور ملک کے دیگر حصوں سے بھی کارکنان لاہور ائیر پورٹ پہنچیں گے۔ مریم نواز کو ایک بڑے جلوس کی صورت میں ائیر پورٹ سے جاتی امراء رائے ونڈ ان کی رہائشگاہ پہنچایا جائے گا۔ مریم نواز وطن واپسی پر استقبال کے لئے آنے والوں سے خطاب بھی کریں گی

بقیہ 4

خواتین سے بہادر اور زیادہ حوصلہ مند ہیں۔ ہمیں خواتین کے ساتھ ساتھ مردوں کو بھی خواتین کے احترام کرنے کی تربیت دینا ہوگی۔ علم اور آگاہی سے پاکستانی خواتین ملکی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔ گوگل کا پاکستان میں ڈیجیٹل ایجوکیشن میں اہم کردار ہے۔ گوگل پاکستان میں ڈیجیٹل ترقی میں مزید کردار ادا کر سکتا ہے۔ والدین اپنے بچوں خاص طور پر بچیوں کی بہترین تربیت کریں۔ بچوں کو ڈیجیٹل اور موبائل فون کے محتاط استعمال کی تربیت دینا والدین کی بھی ذمہ داری ہے۔ پی آئی ایس پی خواتین کو بینک اکاؤنٹ کے ذریعے رقوم کی ادائیگی شروع کر رہا ہے۔ بینک اکاؤنٹ سے خواتین کی ڈیجیٹل اور فنانشل ایجوکیشن میں اضافہ ہوگا۔ پی آئی ایس پی اور این آر ایس پی خواتین کو سماجی اور مالی طور پر مستحکم کرنے کے لئے مل کر کام کر سکتے ہیں۔

بقیہ 5

حکومت نے سو ملین ڈالر کی اضافی امداد کا اعلان کیا ہے، جس کے ساتھ امداد میں ہمارا حصہ دو سو ملین ڈالر سے زائد ہوگیا ہے، ہم پاکستان کو 200 ملین ڈالر کی امداد پر چیک اینڈ بیلنس رکھیں گے، امداد کے استعمال کے معاملے کو سنجیدگی سے دیکھتے ہیں۔ علاوہ ازیں انہوں نے کہا کہ پاکستان کے معاشی چیلنج سے واقف ہیں، اسے بہتر معاشی پوزیشن پر دیکھنا چاہتے ہیں، جہاں ممکن ہو پاکستان کی سپورٹ کرتے ہیں، جانتے ہیں پاکستان عالمی اقتصادی اداروں سے رابطے میں ہے، پاکستان کو بہتر معاشی پوزیشن پر دیکھنا چاہتے ہیں، دوطرفہ رابطوں پر ان معاملات میں بات چیت ہوتی ہے، پاکستان کے ساتھ تکنیکی نکات پر بات چیت ہوتی ہے، محکمہ خارجہ، خزانہ، وائٹ ہاؤس اور دیگر بھی پاکستان کی میکرو اکنامک استحکام پر بات کرتے ہیں۔ امریکہ کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا جب عالمی بینک نے پاکستان کے لیے ایک ارب 10 کروڑ ڈالر کے قرضوں کی منظوری آئندہ مالی سال تک موخر کردی، جس کی وجہ سے ڈالر کو ترستی پاکستان معیشت رواں مالی سال مزید 1.1 ارب ڈالر سے محروم ہوگئی، معیشت کے استحکام کے پروگرام رائز کے لیے 45 کروڑ ڈالر ملنا تھے، سستی توانائی کے پروگرام کے لیے 60 کروڑ ڈالر ملنا تھا لیکن عالمی بینک نے 1.1 ارب ڈالر کے پراجیکٹ کے لون موخر کردیئے کیوں کہ عالمی بینک کو حکومت کی معاشی حکمت عملی سے اختلاف ہے۔

بقیہ 6

، عمران خان ملک کے مقبول ترین لیڈر ہیں۔ تفصیلات کے مطابق چوہدری پرویز الٰہی کا میڈیا سے گفتگو میں کہنا تھا کہ پی ٹی آئی والوں کو بہت سمجھایا ہمیں کام کرنے دو، ایک سال اور کام کرتے تو ن لیگ کے کپڑے بھی نہ ملتے۔ عمران خان کے قریب جو لوگ تھے، انہوں نے پارٹی کی جڑیں کاٹ دی، چار پانچ قریبی لوگوں میں سے ایک تو پکڑا گیا ہے، پہلے پکڑا جاتا تو کام ٹھیک رہتا۔ ہم نے چند ماہ میں ہی 5 سالوں کے برابر کام کیا، عمران خان سے کہا تھا کہ ہمیں کام کرنے دیں، عمران خان کو اسمبلی تحلیل کرنے کا اختیار دیا ہوا تھا۔ سابق وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ شہباز شریف کو سوائے مانگنے کے کچھ نہیں آتا، ہماری حکومت میں عوام کو سستا آٹا دیا گیا۔ گمران وزیراعلیٰ پنجاب کا کام صرف الیکشن کرانا ہوتا ہے، محسن نقوی کے پاس صرف ڈھائی مہینے کی نوکری ہے۔ اگر کیسز بنانے ہیں تو کیا ہو جائے گا، کیا واپس گھر نہیں آنا؟ چوہدری پرویز الٰہی نے محسن نقوی کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اگر نگران وزیراعلیٰ بنے ہو تو کوئی اچھا کام کر کے جاؤ، ہم نے اگلا الیکشن پی ٹی آئی کے شانہ بشانہ لڑنا ہے۔ دوسری جانب چوہدری شجاعت حسین کو مسلم لیگ ق کی صدارت سے ہٹا دیا گیا۔ لاہور میں مسلم لیگ ق کی مرکزی جنرل کونسل کا اجلاس ہوا، چوہدری پرویز الٰہی مسلم لیگ ق پنجاب کے بلا مقابلہ صدر منتخب ہو گئے جبکہ چوہدری وجاہت حسین پارٹی کے مرکزی صدر منتخب ہو گئے۔ ترجمان مسلم لیگ ق کے مطابق طارق بشیر چیمہ کو ہٹا کر کامل علی آغا کو مسلم لیگ ق کا مرکزی سیکرٹری جنرل منتخب کر لیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ دنوں چوہدری شجاعت حسین کا کہنا تھا کہ پرویز الٰہی اور مونس الٰہی کو ق لیگ سے نکالنے کا ارادہ نہیں

بقیہ 7

کے درمیان جنعرات کو ہونے والی ملاقات میں طے پایا۔ اس موقع پر قازقستان اور پاکستان کے درمیان تجارت کے فروغ کے لئے ممکنہ مواقع پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر سید نوید قمر نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان مضبوط اقتصادی اور تجارتی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے خواہاں ہیں، دونوں فریق معاہدوں کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے عمل کو تیز کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان آنے والے مہینوں میں تجارت پر مشتمل کوروکنگ گروپ کے اگلے اجلاس کی میزبانی کرے گا۔ قازقستان کے سفیر نے وفاقی وزیر کی حمایت پر ان کی تعریف کی اور امید ظاہر کی کہ معاہدوں کو جلد حتمی شکل دی جائے گی۔ انہوں نے پاکستانی کھیلوں کے سامان، فرنیچر اور سیاحت میں بھی گہری دلچسپی ظاہر کی۔ سید نوید قمر نے قازقستان کے سفیر کو او آئی سی کے رکن ممالک کے 18 ویں تجارتی میلے میں بطور مہمان خصوصی مدعو کیا۔ او آئی سی تجارتی میلہ 16 سے 18 جولائی 2023 کو لاہور میں خواتین کی کاروباری شخصیت کے موضوع پر منعقد ہو گا۔ وفاقی وزیر نے قازقستان کی حکومت کو او آئی سی کے تجارتی میلے میں "خصوصی پویلین" قائم کرنے کی بھی دعوت دی۔

بقیہ 8

کورٹ نے حکم دیا کہ پاکستان ریلوے کی لیز ہونے کے بعد زمینوں کی حیثیت تبدیل نا کی جائے اور ریلوے کی زمین پر پارک ہے تو اس پر تعمیرات نا کی جائیں، ریلوے اپنی زمینوں سے متعلق قانون سازی پارلیمنٹ یا کابینہ سے کروائے۔ دوران سماعت چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال نے ریمارکس دیے کہ ریاست کا کام کاروبار کرنا نہیں ہے، پاکستان سمیت پوری دنیا میں ثابت ہوگیا ہے کہ ریاستی اداروں کا کام کاروبار کرنا نہیں ہوتا کیونکہ اسٹیل ملز، پی آئی اے اور دیگر اداروں میں کاروبار کا نتیجہ دیکھ لیا ہے۔ چیف جسٹس پاکستان نے ریمارکس دیے کہ ریاستی ادارے اسی لیے خسارے میں ہیں کہ ان پر حد سے زیادہ بوجھ ڈال دیا جاتا ہے، کسی بھی ریاستی ادارے کو کاروبار کرنے سے پہلے پارلیمنٹ سے اجازت لینا ہوتی ہے۔ پاکستان ریلوے نے بزنس پلان بھی عدالت میں جمع کروا دیا۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل عامر رحمان نے عدالت کو بتایا کہ ریلوے کے پاس کل 1 لاکھ 69 ہزار سے زائد ایکڑ زمین ہے، جس میں سے ایک لاکھ 26 ہزار زمین آپریشنل مقاصد اور 16 ہزار 742 ایکڑ زمین مستقبل کی پلاننگ کے لیے مختص ہے۔ عامر رحمان نے مزید بتایا کہ ریلوے کی 9 ہزار 985 ایکڑ زمین پر تجاوزات ہیں اور 10 ہزار 750 ایکڑ زمین اس وقت لیز پر ہے، تقریباً 6 ہزار ایکڑ زمین کسی استعمال میں نہیں ہے، سپریم کورٹ کے لیز کی پابندی کے حکم کے بعد ریلوے کی 2.5 ارب روپے کی آمدن رک گئی ہے۔ جسٹس اعجاز الاحسن نے استفسار کیا کہ پاکستان ریلوے کو سیلاب کے دوران کتنا نقصان پہنچا ہے؟ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ بزنس پلان میں ریلوے نے اپنی آمدن، اخراجات اور نقصان کی تفصیل نہیں دی۔ سیکرٹری ریلوے نے بتایا کہ عدالت اجازت دے تو طے کیا ہے کہ ہر پراپرٹی لیز کے بدلے ریلوے اپنا حصہ لے گا۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ لاہور کے دل میں متروکہ وقف املاک کی ایک پراپرٹی 500 روپے لیز پر لیکر کرایہ دار اس کا لاکھوں روپے کرایہ لے رہا ہے۔ جسٹس اعجاز الحسن نے ریمارکس دیے کہ ریلوے لیز

بقیہ 9

آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ فواد چوہدری کے معاملے پر پارٹی نے مجھ سے کوئی بات نہیں کی، انہیں جس طرح جھڑکیاں لگائی گئیں، شرم آنی چاہیے۔ صدر علوی نے کہا کہ سیاسی میدان میں حکومت کی جانب سے ڈیڑھ ماہ میں مذاکرات میں کوئی پیش رفت نہیں کی گئی۔ اس وقت کسی سطح پر مذاکرات نہیں ہو رہے۔ عمران خان مذاکرات سے انکاری نہیں ہیں۔ میں اس کا ذمے دار حکومت کو سمجھتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میرا اسٹیبلشمنٹ سے کوئی رابطہ نہیں ہے۔ میرا خیال تھا کہ لوگ مذاکرات کے لیے بیٹھ جائیں گے۔ فوج کہہ چکی ہے کہ وہ سیاست میں دخل اندازی نہیں چاہتی۔ اس وقت ملک کو ضرورت ہے کہ لوگ بیٹھ کر بات کریں، سیاستدانوں کو خود اس خلا کو پر کرنا ہوگا۔ صدر مملکت نے کہا کہ قبل از وقت نہیں تو الیکشن ہی پر بات کرلیں گے۔ فواد چوہدری و دیگر رہنماؤں کے بیانات سامنے ہیں کہ مذاکرات کرنے چاہییں۔ کچھ لوگ آئین میں تاخیر کے لیے گنجائش دیکھ رہے ہیں، یہ میرے لیے باعث تشویش ہے، لیکن عوام اور سیاستدانوں پر مکمل بھروسا ہے۔ مجھے ایسا خیال نہیں کہ شہباز شریف کو قومی اسمبلی میں اعتماد کا ووٹ نہ ملے۔ انہوں نے کہا کہ اسحٰق ڈار کے ساتھ مذاکرات کے حوالے سے بات ہوئی تھی، وزیراعظم سے کوئی بات نہیں کی۔ الیکشن کمیشن کو چاہیے کہ جو فیصلے کرے وہ ذمے داری سے کرے۔ پاکستان میں مائنس ون کا فارمولا کبھی کامیاب نہیں ہوا۔ پاکستان ان شاءاللہ ڈیفالٹ نہیں کرے گا

بقیہ 10

شیخ نے مختصر تحریری حکم جاری کیا جس میں کہا گیا کہ فواد چوہدری کی بازیابی کی درخواست مسترد کی جاتی ہے، درخواست مسترد کرنے کی وجوہات بعد میں بتائی جائیں گی۔ فواد چوہدری کے کزن نبیل شہزاد نے بازیابی کی درخواست دائر کی تھی

بقیہ 11

ایمونیشن برآمد کیے، ٹیکسلا پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم عمیر کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض خان کا کہنا تھا کہ ہوائی فائرنگ کرنے والوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی

بقیہ 12

، بھارت اپنے غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر میں انسانیت سوز مظالم ڈھا رہا ہے۔ بھارت کے نام نہاد یوم جمہوریہ کے موقع پر اپنے بیان میں قمر زمان کائرہ نے کہا کہ آج بھارت دنیا کے سامنے ایک ہندو فاشسٹ ملک کے طور پر بے نقاب ہو چکا ہے، وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے مودی کی ہندو انتہا پسند حکومت کو پوری دنیا کے سامنے بے نقاب کیا ہے، بھارت میں ہندو انتہا پسندی اور اقلیتوں پر مظالم اپنی آخری حدود کو پہنچ چکے ہیں

بقیہ 13

اسمبلی، ہکٹ ہولڈرز اور سینیٹرز نے بھی شرکت کی۔

بقیہ 14

آسکتے تو اس ایوان کو تالا لگا دیں۔ تفصیلات کے مطابق چیئرمین صادق سنجرانی کی زیر صدارت سینیٹ کا اجلاس ہوا، سینیٹر آصف کرمانی اپنی ہی حکومت ہی حکومت کے وزراء پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وزراء کو پابند بنایا جائے کہ وقت پر آیا کریں اور روز آیا کریں۔ ہم جب اپوزیشن میں تھے تو اس وقت کے وزراء کے نہ آنے پر اعتراض کرتے تھے، آج بھی صورتحال مختلف نہیں۔ آصف کرمانی کا کہنا تھا کہ آج بھی وزراء کی لائن خالی نظر آتی ہے، اگر وزرا نہیں آسکتے تو اس ایوان کو تالا لگا دیں، مانتا ہوں کہ اسلام آباد میں سردی ہے لیکن ارکان بھی تو پہنچ جاتے ہیں۔ قبل ازیں سینیٹ اجلاس میں اپوزیشن لیڈر شہزاد وسیم نے کہا کہ فواد چوہدری مجرم نہیں سیاست دان ہیں، انہوں نے الیکشن کمیشن پر تبصرہ کیا ہے کوئی قانون نہیں توڑا۔ فواد چوہدری کے بیان سے لگتا ہے کہ الیکشن کمیشن کا دل ٹوٹ گیا، الیکشن کمیشن ایسے اقدام سے اجتناب کرے جس سے جانبداری کا تاثر ملے۔ انہوں نے کہا کہ فواد چوہدری کا جرم الیکشن کمیشن کی کارکردگی پر تنقید ہے؟ الیکشن کمیشن کا کام صاف شفاف انتخابات کرانا ہے، حکومت تبدیلی کے بعد حالات سب کے سامنے ہیں۔ فواد چوہدری کا الیکشن کمیشن پر تبصرہ کرنا قانون توڑنے کے زمرے میں نہیں آتا، الیکشن کمیشن نے نگران وزیراعلیٰ کا انتخاب کرکے ثابت کردیا کہ ان سے شفاف الیکشن کی توقع نہ رکھا جائے۔ اپوزیشن لیڈر کا کہنا تھا کہ الیکشن کمیشن جانبداری کا مظاہرہ کیوں کرتا ہے، فواد چوہدری کو ہتھکڑیاں لگا کر اور چادر میں چھپا کر پیش کیا گیا۔ راؤ انوار کو رہا کیا جاتا ہے اور اگلے روز فواد چوہدری کو گھر سے اٹھایا جاتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہباز گل، اعظم سواتی کے بعد فواد چوہدری کو گرفتار کیا گیا، پنجاب میں نگران وزیراعلیٰ غیر جانبدار ہونا چاہیے، رجیم چینج کے بعد بہت کچھ ہوا اور ملک میں صورتحال کیسی ہے اس کا سب کو پتہ ہے

بقیہ 15

۔ تفصیلات کے مطابق پیرودھائی پولیس نے ملزم قیوم کو گرفتار کرکے ملزم سے 01 کلو 350 گرام چرس برآمد کرلی، بنی پولیس نے ملزم عبداللہ کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 01 کلو 400 گرام چرس برآمد ہوئی، نصیر آباد پولیس نے ملزم فیاض کو گرفتار کرکے ملزم سے 01 کلو 450 گرام چرس برآمد کی، آرے باز ار پولیس نے ملزم عارف کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 10 لیٹر شراب برآمد ہوئی، صادق آباد پولیس نے 02 ملزمان شمس الدین اور فرمان کو گرفتار کرکے ملزمان سے 04 بوتل شراب برآمدکی، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا، منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی

بقیہ 16

ہے، ملک کی معاشی صورتحال کے باوجود تعلیم حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو انٹر بورڈز کمیٹی آف چیئرمین (آئی بی سی) کے سیکرٹریٹ میں جدید تقاضوں سے آراستہ سٹوڈنٹس فیسلیٹیشن سنٹر اور آن لائن اسٹیشن پورٹل کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومتوں کے آنے جانے سے تعلیمی شعبہ متاثر ہونے کے قائل نہیں، مثبت سرگرمیوں کو ہمیشہ جاری رکھنا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ آئی بی سی کا جدید سہولیات سے آراستہ سٹوڈنٹس فیسلیٹیشن سنٹر اور اسٹیشن پورٹل طلبہ مسائل کے لئے سنگ میل ثابت ہوگا، آئی بی سی ہی دن بدن سسٹم میں مثبت تبدیلیوں لاکر طلبہ کے مسائل حل کررہی ہے۔ اس موقع پر سیکرٹری آئی بی سی ڈاکٹر غلام علی ملاح نے کہا کہ تعلیم یافتہ نوجوان پاکستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرے گا، ملک کی بیشتر آبادی نوجوان ہے جسے تعلیم دینا حق ہے۔ انہوں نے کہا کہ انٹر بورڈ کمیٹی اپنے وسائل کے باوجود ملک بھر کے تعلیمی بورڈز کے ساتھ طلبہ کے مسائل حل کرنے کیلئے محنت سے کام کررہی ہے، اسلام آباد ملک کا دارلحکومت ہے یہاں سٹیٹ آف دی آرٹ سٹوڈنٹس فیسلیٹیشن سنٹر کے قیام سے طلبہ و طالبات مستفید ہوں گے۔ ڈاکٹر غلام علی ملاح نے کہا کہ آئی بی سی کی ترقی حکومت کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں۔ سٹوڈنٹس فیسلیٹیشن سنٹر کی افتاحی تقریب میں چیئرمین فیڈرل بورڈ قیصر عالم نے بھی خصوصی شرکت کی۔ تقریب کے اختتام پر سیکرٹری آئی بی سی ڈاکٹر غلام علی ملاح نے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا

بقیہ 17

پر جاری اپنے بیان میں شیخ رشید نے کہا کہ آئی ایم ایف کا مسئلہ کھٹائی میں ہے، صوبائی الیکشن 90 دن میں نہ کرانا خطرے کی گھنٹی ہے، 200 کا ڈالر دینے والے ارسطو ڈار نی 250 کا ڈالر کرنے کی اجازت دیدی ہے، اہل سیز مکمل نہیں رہی، بینکوں میں بھونچال ہے، لوگ دھکے کھا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سب ڈرامے ایک نااہل حکومت کو مسلط رکھنے کے لیے کیے جا رہے ہیں، فوری الیکشن نہ ہوئے تو قحط زدہ قوم کے غضب کے آگے کوئی نہیں کھڑا ہو سکے گا، رہے گا نام اللہ کا اور راج کرے گی خلق خدا

بقیہ 18

16 جون 2022 کو فارن پبلک ڈاکومنٹس ہیک کنونشن پر دستخط کئے، فارن پبلک ڈاکومنٹس برائے 1961 قانون سازی کیلئے ضرورت ختم کیلئے تھا۔ بتایا گیا کہ 26 اکتوبر 2004 کو ہیک کنونشن پر بھارت نے بھی دستخط کئے، پاکستان نے کنونشن آن دی پروٹیکشن اینڈ پروموشن آف دی ڈائیورسٹی آف کلچرل ایکسپریشن پر دستخط کئے، کنونشن آن دی پروٹیکشن اینڈ پروموشن آف دی ڈائیورسٹی آف کلچرل ایکسپریشن (2005) 4 جون 2022 سے رائج ہے۔ تحریری جواب میں بتایا گیا کہ بھارت نے کنونشن آن دی پروٹیکشن اینڈ پروموشن پر 15 دسمبر 2006 کو دستخط کئے، پاکستان نے 5 نومبر 2022 کو ٹی آئی پی پروٹوکول-2000 پر دستخط کئے۔ تحریری جواب میں بتایا گیا کہ بھارت جے ٹی آئی پی پروٹوکول-2000 پر 5 مئی 2011 کو دستخط کئے

بقیہ 19

، حوالات، تھانہ کی عمارت اور صفائی کے نظام سمیت دیگر امور کا تفصیلی جائزہ لیا، ناقص کارکردگی پر ایس پی صدر نے ایس ایچ او اور محرر کو شوکاز نوٹس جاری کرنے کا حکم دیا، ایس پی صدر نے افسران واہلکاروں سے ملاقات کی اور مسائل دریافت کیے، اس موقعہ پر ایس پی صدر بلال محمود سلہری کا کہنا تھا کہ تھانے میں آنے والے شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، سروس ڈیلیوری میں کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، تھانہ کی سطح پر شہریوں کی شکایات کے بروقت ازالے کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، سروس ڈیلیوری کے بہتر معیار کو ہمہ وقت یقینی بنانے کے لیے تھانوں کی سرپرائز چیکنگ کا سلسلہ جاری رہے گا

بقیہ 20

کہا کہ چہرہ ان کا چھپایا جاتا ہے جس کی شناخت پریڈ ہونی ہوتی ہے، فواد چوہدری کا چہرہ جس مصلحت کے تحت بھی چھپایا گیا افسوس ناک ہے اور عدالت میں سیاسی شخصیت کو چہرہ ڈھانپ کر پیش کرنا انسانیت کی تذلیل ہے جب کہ فواد چوہدری سیاسی شخصیت کے ساتھ وکیل بھی ہیں اور ان کی ایک شناخت ہے۔ چوہدری اعتزاز احسن نے کہا کہ فواد چوہدری پنجاب کی حدود میں تھے اور لاہور ہائیکورٹ کی دسترس میں تھے، فواد چوہدری کو عدالت میں پیشی کا حکم تھا مگر پولیس انہیں پنجاب کی حدود سے نکال رہی تھی، فواد چوہدری کے خلاف ریاستی بغاوت کا مقدمہ درج تھا تو کیا الیکشن کمیشن ریاستی ادارہ ہے؟ الیکشن کمیشن تو انتظامی ادارہ ہے، اس کے پاس عدالتی اختیارات نہیں ہیں۔ خیال رہے کہ اسلام آباد کی عدالت نے پولیس کی استدعا پر تحریک انصاف کے رہنما اور سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری کا جسمانی ریمانڈ منظور کرلیا، ڈیوٹی مجسٹریٹ نوید خان کی جانب سے محفوظ کیا گیا فیصلہ سنایا گیا، جو 2 صفحات پر مشتمل ہے، پولیس کی جانب سے فواد چوہدری کے 8 روزہ جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی گئی تھی، تاہم عدالت نے تحریک انصاف کے رہنما کو 2 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کردیا اور عدالت نے فواد چوہدری کو 27 جنوری کو دوبارہ پیش کرنے کا حکم دیا ہے۔ اس سے قبل سیشن کورٹ اسلام آباد میں تحریک انصاف کے رہنماء فواد چوہدری کے خلاف کیس کی سماعت ہوئی، فواد چوہدری کو ڈیوٹی جج نوید خان کی عدالت میں پیش کیا گیا، جہاں پولیس نے فواد چوہدری کے 8 روزہ جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی جب کہ پی ٹی آئی وکلاء نے فواد چوہدری کی ہتھکڑی اتارنے کی استدعا کی، اس موقع پر ڈیوٹی جج نوید خان سے مکالمہ کرتے ہوئے فواد چوہدری نے فیملی اور وکلاء سے بات کرنے کی استدعا کرتے ہوئے کہا کہ 5 منٹ فیملی سے بات کرنی ہے اور 5 منٹ اپنے وکلاء سے بات کرنا چاہتا ہوں، باہر 1500 پولیس والے کھڑے ہیں، مجھے ہتھکڑی لگائی گئی، اسلام آباد پولیس کو کہیں کہ اس طرح نہ کریں، میں سپریم کورٹ کا وکیل ہوں۔ دوران سماعت الیکشن کمیشن کے وکیل سعد حسن نے دلائل کا آغاز کیا اور کہا کہ الیکشن کمیشن آئینی ادارہ ہے، الیکشن کمیشن کے پاس انتخابات کروانے کے تمام اختیارات ہیں، فواد چوہدری کی تقریر کرنے کا مقصد سب کو اکسانا تھا، فواد چوہدری نے کہا کہ الیکشن کمیشن کے گھروں تک پہنچیں گے۔ فواد چوہدری نے کہا کہ بغاوت کی دفعہ بھی مقدمہ میں لگادی گئی ہے، مجھے بھگت سنگھ اور نیلسن منڈیلا کی صف میں شامل کردیا گیا، میرے خلاف تو مقدمہ بنتا ہی نہیں ہے، اس ایف آئی آر کو درست قرار دیا جائے تو ملک میں جمہوریت کو ختم کردیں گے، الیکشن کمیشن ریاست، حکومت یا عدالت نہیں ہے، الیکشن کمیشن کے وکیل کے دلائل مان لیں تو حکومت پر تنقید ہو ہی نہیں سکتی

بقیہ 21

ہو کر پناہ کیلئے دارالامان پہنچیں۔ گفتگو میں بتایا کہ اس کے بعد چوائس میرج کے کیسز والی خواتین جبکہ تیسرے نمبر پر گھریلو نزاعات کی وجہ سے ناراضگیوں اور خاندانی نزاعات کا شکار خواتین دارالامان پہنچیں۔ انہوں نے کہا کہ جو خاتون خود اپنی مرضی سے اپنے شوہر یا ماں باپ کے گھر جانا چاہتی ہے ہم اسے قانونی تقاضے پورے کرکے جانے دیتے ہیں اور ان سے پوچھا جاتا ہے کہ آپ کا تصفیہ ی

# ن لیگ کا حصہ ہوں اور مستقبل میں الیکشن میں حصہ لینے کا ارادہ نہیں، مفتاح اسماعیل

## چھوٹی سی اشرافیہ ملک کے تمام فیصلے کر رہی ہے، ملک میں ایلیٹ نظام کا خاتمہ ہونے چاہیے، سابق وزیر خزانہ

## ملک میں ایلیٹ نظام کا خاتمہ ہونا چاہیے، ہم نے جمہوری طرز اور صدارتی نظام حکومت آزما کر دیکھ لیا، مفتاح اسماعیل

اسلام آباد (خبر نگار) سابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل کا کہنا ہے کہ مسلم لیگ ن کا ہی حصہ ہوں تاہم مستقبل میں الیکشن میں حصہ لینے کا ارادہ نہیں، پارٹی نے میرے خلاف کوئی کارروائی نہیں۔ مفتاح اسماعیل نے نجی ٹی وی چینل کے پروگرام میں بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں ایلیٹ نظام کا خاتمہ ہونا چاہیے، ہم نے جمہوری طرز اور صدارتی نظام حکومت آزما کر دیکھ لیا، ہم تو آمریت بھی دیکھ چکے ہیں ہر ملک ہم سے آگے جا رہا ہے، ادھر گورننس ٹھیک نہیں، ملک میں اشرافیہ کے نظام کا خاتمہ ہونا چاہیے۔ انکا کہنا تھا کہ چھوٹی سی اشرافیہ پورے ملک کے تمام فیصلے کر رہی ہوتی ہے، اسحاق ڈار نے کوشش کی ہے جس سے پاکستان کو بڑا نقصان ہوا۔ حکومت آئی ایم ایف کی کڑی شرائط تسلیم کرنے پر راضی ہوگئی ہے، وزیر بنانا وزیراعظم کا حق ہے اور ہٹانا بھی انہی کی (بقیہ نمبر 32)

لاہور: پنجاب کی 11 رکنی نگران کابینہ فائنل، نام بھی سامنے آگئے

# بھارت کا نام نہاد یوم جمہوریہ ہمارے لیے یوم سیاہ ہے

تنویر الیاس

## بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر کے مسلمانوں نے ہر وہ قربانی دی جس کی مثال نہیں ملتی

## بھارت اقوام متحدہ میں کشمیریوں کو حق خودارادیت دینے کے اپنے ہی وعدے سے مکر رہا ہے، سردار تنویر الیاس خان

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان نے کہا ہے کہ بھارت دنیا کے سامنے خود کو جمہوری اور سیکولر ملک ہونے کا دعویٰ کرتا ہے مگر وہاں اقلیتیں محفوظ نہیں، بھارت کا نام نہاد یوم جمہوریہ ہمارے لیے یوم سیاہ ہے۔ دنیا بھر میں مقیم کشمیری اور پاکستانی آج کا دن یوم سیاہ کے طور پر منا رہے ہیں۔ بھارت کے نام نہاد یوم جمہوریہ کے موقع پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر کے مسلمانوں نے ہر وہ قربانی دی جس کی مثال نہیں ملتی۔ تحریک آزادی کشمیر کیلئے کشمیریوں نے اپنی تیسری نسل قربان کر دی ہے، بھارت اقوام متحدہ میں کشمیریوں کو حق خودارادیت دینے کے اپنے ہی وعدے سے مکر رہا ہے۔ وزیراعظم آزاد کشمیر نے کہا کہ کشمیر کسی صورت بھارت کا حصہ نہیں اور نہ کبھی بن سکتا ہے۔ کشمیری خود (بقیہ نمبر 31)

کراچی: فواد چودھری گینگسٹر ہے، جو منہ پر کپڑا ڈال کر عدالت پیش کیا گیا: عمران اسماعیل

# گوجر خان، ماں پر تشدد کرنے والا بدبخت بیٹا گرفتار، بلال محمود سلہری

## والدین جیسی عظیم ہستیوں پر تشدد ناقابل تصور اور افسوس ناک ہے

## ملزم کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے

گوجر خان (نیوز رپورٹر) پولیس تھانہ گوجر خان نے والدہ پر تشدد کرنے والے ناخلف بیٹے کو گرفتار کر لیا، زخمی والدہ نے پولیس تھانہ گوجر خان میں درخواست دی کہ میرے بیٹے وقاص نے مجھ پر تشدد کیا اور گھر سے نکال دیا، گوجر خان پولیس نے والدہ کی درخواست پر والدین تحفظ آرڈیننس کے تحت فوری مقدمہ درج کر کے ملزم وقاص کو گرفتار کر لیا، ایس پی صدر بلال محمود سلہری نے کہا ہے کہ ملزم کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے، والدین جیسی عظیم ہستیوں پر (بقیہ نمبر 33)

# خیبر پختونخوا پولیس کا آؤٹ آف ٹرن پروموشنز واپس لینے کا فیصلہ

## پولیس افسران کی آؤٹ آف ٹرن پروموشنز واپسی کے لیے کمیٹی بنائی گئی ہے

## آؤٹ آف ٹرن پروموشنز واپس لینے کے لیے کیس کابینہ کو بھیج دیا، ایڈیشنل ایڈووکیٹ

اسلام آباد (خبر نگار) خیبر پختونخوا پولیس نے آؤٹ آف ٹرن پروموشنز واپس لینے کا اصولی فیصلہ کر لیا۔ سپریم کورٹ میں خیبر پختونخوا پولیس کی آؤٹ آف ٹرن پروموشنز عملدرآمد کیس کی سماعت ہوئی۔ ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل خیبر پختونخوا نے کہا کہ سپریم کورٹ کے احکامات کی روشنی میں آؤٹ آف ٹرن پروموشنز واپس لینے کے لیے کیس کابینہ کو بھیج دیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پولیس افسران کی آؤٹ آف ٹرن پروموشنز واپسی کے لیے کمیٹی بنائی گئی ہے۔ پراسس مکمل کرنے کیلیے (بقیہ نمبر 34)

# موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار

## واہ کینٹ پولیس کی کارروائی، مسروقہ 04 موٹر سائیکل برآمد

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) واہ کینٹ پولیس کی کاروائی، موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار، مسروقہ 04 موٹر سائیکل برآمد۔ تفصیلات کے مطابق واہ کینٹ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم کامران کو گرفتار کر لیا، ملزم سے مسروقہ 04 موٹر سائیکل برآمد ہوئے، ایس ایچ او نے بتایا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا، ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان کی واہ کینٹ پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو انکے قیمتی اثاثے (بقیہ نمبر 35)

# ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر بٹگرام کی ایس ڈی ایف او فارسٹ کے ہمراہ مختلف راستوں پر پٹرولنگ، گاڑیوں کی چیکنگ کی

بٹگرام (نیوز رپورٹر) ڈپٹی کمشنر بٹگرام محمد عرفان اللہ محسود صاحب کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر فارسٹ مجسٹریٹ عامر اللہ نے ایس ڈی ایف او فارسٹ کے ہمراہ تحصیل بٹگرام کی حدود میں نمبر مافیا کو غیر قانونی (بقیہ نمبر 36)

# الیکٹرانک پاکستانی پاسپورٹ کی فیس کا اعلان کر دیا گیا

## 5 سالہ میعاد کے 36 صفحات کے عام پاسپورٹ کی فیس 9 ہزار روپے ہوگی

## الیکٹرانک پاسپورٹ جدید ٹیکنالوجی پر مبنی بائیو میٹرک چپ سے لیس ہوگا

فیصل آباد (خصوصی خبر نگار) الیکٹرانک پاکستانی پاسپورٹ کی فیس کا اعلان کر دیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ 5 سالہ میعاد کے 36 صفحات کے عام پاسپورٹ کی فیس 9 ہزار روپے ہوگی جبکہ ارجنٹ پاسپورٹ کی فیس 15 ہزار روپے ہوگی۔ ای پاسپورٹ صرف اسلام آباد سے جاری کیے جائیں گے۔ اس کے علاوہ 10 سالہ میعاد کے 36 صفحات والے عام ای پاسپورٹ کی فیس 13,500 روپے جبکہ ارجنٹ پاسپورٹ کی فیس 22,500 روپے ہوگی۔ 72 صفحات کے عام ای پاسپورٹ کی فیس 24,750 روپے اور ارجنٹ پاسپورٹ کی فیس 40,500 روپے ہوگی۔ الیکٹرانک پاسپورٹ جدید ٹیکنالوجی پر مبنی بائیو میٹرک چپ سے لیس ہوگا جس میں متعدد سکیورٹی فیچر شامل ہیں۔ الیکٹرانک پاسپورٹ بین الاقوامی معیار کے مطابق پاکستانی شہریوں کو سفر کے دوران جلد اور سہل امیگریشن میں مدد فراہم کرے گا۔ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کی بدولت الیکٹرانک پاسپورٹ کی نقل بھی ناممکن ہوگی۔

# ممبران پارلیمنٹ کی 62، 63 کے تحت اہلیت کی جانچ پڑتال کیلئے درخواست پر سماعت غیر معینہ مدت تک ملتوی

لاہور (نامہ نگار) لاہور ہائیکورٹ نے ممبران پارلیمنٹ کی آئین کے آرٹیکل 62 اور 63 کے تحت اہلیت کی جانچ پڑتال کے لئے اعلیٰ سطح کمیٹی کی تشکیل کیلئے درخواست پر سماعت غیر معینہ مدت تک ملتوی کرتے ہوئے درخواست گزار (بقیہ نمبر 37)

لاہور: 9 ماہ میں ملک کا حشر کرنے والوں کی ابھی تک تسلی نہیں ہوئی: فرخ حبیب

# لاہور، ضلعی انتظامیہ نے آٹے کی ذخیرہ اندوزی کی کوشش ناکام بنادی

## ضلعی انتظامیہ لاہور کے افسران آٹا مافیا کے خلاف متحرک ہے

لاہور (نیوز رپورٹر) ضلعی انتظامیہ نے آٹا کی ذخیرہ اندوزی کی کوشش ناکام بنا دی۔ ترجمان کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر رائیونڈ حامد رشید نے ضلعی اور محکمہ خوراک کے عملے کے ہمراہ بڑی کارروائی کرتے ہوئے ایک مقامی گودام میں 10 کلوگرام آٹے کے 1325 بیگز ضبط کر لئے۔ ترجمان کے مطابق یہ آٹے کے بیگز بلیک میں فروخت کئے جانے تھے۔ ترجمان نے مزید کہا کہ ذخیرہ اندوزی کے ذمہ داران کے خلاف ایف آئی آر کا اندراج بھی کروایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈی سی لاہو (بقیہ نمبر 38)

# حکومت پاکستان بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو اپنا گردشی سفیر سمجھتی ہے

## وفاقی وزیر، ترقی انسانی وسائل ساجد حسین طوری تقریب مہمان خصوصی شرکت کی

## موقع پر ٹول کٹس وصول کرنے والے افراد نے وزارت سمندر پار پاکستانیز کا شکریہ ادا کیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر، وزارت سمندر پار پاکستانیز و ترقی انسانی وسائل ساجد حسین طوری نے کہا ہے کہ حکومت پاکستان بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو اپنا گردشی سفیر سمجھتی ہے اور انہیں درپیش مسائل کے حل اور پاکستان میں ان کی بحالی کے لئے سرگرم ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان کی قیادت میں وزارت سمندر پار پاکستانیز و ترقی انسانی وسائل، وطن واپس آنے والے پاکستانیوں کی بحالی کے لئے ترجیحی بنیادوں پر کام کر رہی ہے اور آج کی یہ تقریب اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ وفاقی وزیر او پی ایف اور پاک جرمن سہولیاتی و بحالی سنٹر کی جانب سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ تقریب میں وطن واپس آنے والے مختلف شعبہ جات بشمول الیکٹریشن، سولر ٹیکنیشن، موٹر سائیکل مکینک، فیشن ڈیزائننگ، کوکنگ، انفارمیشن ٹیکنالوجی، پلمبر، کارپینٹرا ور مستری کے شعبے سے وابستہ 150 سے زائد افراد میں اوزار) ٹول کٹس (بشمول پنچر ولوڈر رکشہ اور موٹر سائیکل تقسیم کیے گئے۔ اس سے قبل ان (بقیہ نمبر 39)

# تم زرداری کے جوتے کے برابر نہیں ہو: بہرمند تنگی کا سیف اللہ ابڑو سے مکالمہ

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) سینیٹ کے اجلاس کے دوران پیپلز پارٹی کے سینیٹر بہرمند تنگی اور پی ٹی آئی کے سینیٹر سیف اللہ ابڑو میں تلخ جملوں کا تبادلہ ہوا ہے۔ سینیٹ کے اجلاس میں قائد حزب اختلاف شہزاد وسیم کے اظہار خیال کے دوران حکومتی ارکان نے شور شرابہ کیا ہے۔ بحث مباحثے کے دوران بہرمند تنگی نے سیف اللہ ابڑو سے مخاطب ہو کر کہا کہ تم زرداری کے جوتے کے برابر نہیں ہو۔ پیپلز پارٹی کی پلوشہ خان بھی نشست سے کھڑی ہوگئیں جس کے ساتھ ہی ایوان میں خوب شور شرابہ ہوا اور وہ (بقیہ نمبر 40)

# نگران وزیراعلیٰ کا گھریلو ملازمہ پر تشدد کے واقعہ کا نوٹس، آئی جی سے رپورٹ طلب

لاہور (خصوصی رپورٹر) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے صدر کے علاقے میں گھریلو ملازمہ پر تشدد کے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے انسپکٹر جنرل پولیس سے رپورٹ طلب کر لی۔ نگران وزیراعلیٰ پنجاب نے ہدایت کی کہ تشدد کے ذمہ داروں کو جلد گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ بچی کو ہسپتال میں علاج معالجے کی بہترین سہولتیں فراہم کی جائیں اور متاثرہ بچی کو ہر صورت انصاف (بقیہ نمبر 41)

# بھارت دنیا کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کے لیے بھارت ری پبلک ڈے مناتا ہے، مشعال ملک

اسلام آباد (خصوصی خبر نگار) حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشعال حسین ملک نے کہا ہے کہ جمہوریت کا جھوٹا لبادہ اوڑھے بھارت نام نہاد ''ری پبلک ڈے'' منا رہا ہے، بھارت دنیا کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کے لیے یہ دن مناتا ہے، بھارتی فوج گزشتہ 75 سالوں سے پوری کشمیری قوم کو خون میں نہلا رہی ہے۔ بھارت کے نام نہاد یوم جمہوریہ پر اپنے بیان میں مشعال ملک نے کہا کہ جمہوریت (بقیہ نمبر 42)

# قرآن پاک کی بے حرمتی اور اسلام مخالف مظاہرے

# مکروہ فعل کو سویڈش حکومت کی مکمل حمایت

## اسلام دشمن قوتیں قرآن اور صاحب قرآن کی عظمتوں سے خائف اور بے بس دکھائی دے رہی ہیں، ابرار احمد

## حکومت پاکستان اس دینی معاملہ کی سنگینی اور حساسیت کا ادراک کرتے ہوئے سویڈن کے سفیر کو فوری طور پر ملک بدر کرے

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) سویڈن میں راسس پولوڈان کی طرف سے قرآن پاک کی بے حرمتی اور اسلام مخالف مظاہروں جیسے مکروہ فعل کو سویڈش حکومت کی مکمل حمایت اور سرپرستی حاصل ہے۔ حکومت پاکستان اس دینی معاملہ کی سنگینی اور حساسیت کا ادراک کرتے ہوئے سویڈن کے سفیر کو فوری طور پر ملک بدر کرے۔ یہ مطالبہ آل پاکستان پرائیویٹ سکولز مینجمنٹ ایسوسی ایشن راولپنڈی ڈویژن کے صدر ابرار احمد خان و دیگر رہنماں نے راولپنڈی پریس کلب کے باہر ایک احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ احتجاجی مظاہرے میں نجی تعلیمی اداروں کے سربراہان، اساتذہ اور طلبا کے علاوہ عامر انور (بقیہ نمبر 43)

راولپنڈی: ایسوسیا راولپنڈی کے زیر اہتمام سویڈن میں توہین قرآن کے اشتعال انگیز واقعی واقع کیخلاف احتجاجی مظاہرہ

# سیالکوٹ، بس کی موٹر سائیکل کو ٹکر، 27 سالہ نوجوان جاں بحق

سیالکوٹ (جنرل رپورٹر)) سیالکوٹ کی تحصیل پسرور میں بس نیو موٹر سائیکل کو ٹکر ماری جس کے نتیجے میں ایک نوجوان اور ایک افراد زخمی ہوگیا۔ ترجمان ریسکیو 1122 سیالکوٹ (بقیہ نمبر 45)

# پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم حجاب یکم فروری کو منایا جائے گا

## اس موقع پر ملک بھر سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام مختلف تقریبات منعقد کی جائیں گی

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم حجاب یکم فروری کو منایا جائے گا۔ اس موقع پر ملک بھر سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام مختلف تقریبات منعقد کی جائیں گی جن میں حجاب کی اہمیت، افادیت پر تفصیلی روشنی ڈالی جائے گی جبکہ تمام بڑے شہروں میں خصوصی سیمینارز اور کانفرنسز کا بھی اہتمام کیا جائے گا۔ پاکستان سمیت دنیا بھر کے مختلف ممالک میں مسلمان خواتین مختلف انداز میں (بقیہ نمبر 44)

اسلام آباد: قانونی و آئینی طور پر شجاعت ہی پارٹی صدر ہیں، طارق بشیر چیمہ، سالک چودھری

# چیئرمین سینیٹ کا ممبر قومی اسمبلی قادر خان مندوخیل کے والد کی وفات پر اظہار تعزیت

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے ممبر قومی اسمبلی قادر خان مندوخیل کے والد کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری بیان میں چیئرمین سینیٹ نے قادر خان مندوخیل کے والد کی مغفرت اور بلندی درجات کیلئے دعا کی اور کہا کہ اللہ پاک سوگوار خاندان کو یہ صدمہ برداشت کرنے (بقیہ نمبر 46)

# لاہور: 13 سالہ ملازمہ پر بدترین تشدد، جلایا گیا، ملزمان میاں بیوی فرار

## ماں باپ مالکان کے گھر کے اندر گئے تو بچی بدترین تشدد زدہ حالت میں ملی

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور کے علاقے صدر میں 13 سال کی گھریلو ملازمہ پر بدترین تشدد کیا گیا ہے۔ لاہور پولیس کے مطابق 13 سال کی مریم کو تشدد کا نشانہ بنا کر جلایا گیا، جس سے بچی بری طرح جھلس گئی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ مذکورہ ملازمہ بچی سے اس کے والدین ملنے گئے لیکن مالکان نے ٹال مٹول کیا، بچی سے نہ ملوانے پر اس کی والدہ سکینہ بی بی نے شور مچا دیا۔ پولیس نے بتایا ہے کہ ماں باپ مالکان کے گھر کے اندر گئے تو بچی بدترین تشدد زدہ حالت میں ملی، بچی 9 ماہ سے ملازمت پر تھی۔ پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے جبکہ ملزمان میاں بیوی مفرور ہیں، جن کی تلاش جاری ہے۔

لاہور: عمران خان کی زیر صدارت اجلاس، گرفتاریوں کیخلاف بھرپور آواز اٹھانے کا فیصلہ

# سابق وزیر خارجہ صاحبزادہ یعقوب خان کی ساتویں برسی منائی گئی

## صاحبزادہ یعقوب خان 26 جنوری 2016ء کو 95 برس کی عمر میں انتقال کر گئے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان کے سابق وزیر خارجہ صاحبزادہ یعقوب خان کی ساتویں برسی 26 جنوری جمعرات کو منائی گئی وہ 1982ء سے 1992ء تک پاکستان کے وزیر خارجہ رہے۔ پاکستان کے سابق سفیر اور وزیر خارجہ صاحبزادہ یعقوب علی خان 1920ء کو رام پور میں پیدا ہوئے، انہوں نے 1940ء میں فوج میں کمیشن حاصل کیا اور دوسری جنگ عظیم میں حصہ لیا، وہ 1969ء سی 1971ء تک مشرقی پاکستان کے گورنر رہے۔ 1973ء سی 1979ء تک سوویت یونین، فرانس اور امریکہ میں سفیر رہے، وہ 1982ء سے 1986ء تک اور 1988ء سی 1992ء تک پاکستان کے وزیر خارجہ رہے، انہیں دنیا کی دس بڑی زبانوں پر عبور حاصل تھا وہ اقوام متحدہ کے جنرل سیکرٹری کے خصوصی نمائندے بھی رہے۔ صاحبزادہ یعقوب خان 26 جنوری 2016ء کو 95 برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔ انہوں نے 1940ء میں فوج میں کمیشن حاصل کیا اور دوسری جنگ عظیم میں حصہ لیا، وہ (بقیہ نمبر 47)

# 23 جنوری کو ہونے والے بجلی کے بریک ڈاؤن سے متعلق ابتدائی رپورٹ تیار

## فریکوئنسی میں اتار چڑھاؤ کے باعث 500 کے وی کی ٹرانسمیشن لائنز پر ٹرپنگ ہوئی

## سسٹم متاثر ہونے سے 11 ہزار 356 میگاواٹ بجلی سسٹم سے نکل گئی، این ٹی ڈی سی کی رپورٹ

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) ملک بھر میں 23 جنوری کو ہونے والے بجلی کے بریک ڈاؤن سے متعلق ابتدائی رپورٹ تیار کر لی گئی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق رپورٹ این ٹی ڈی سی نے رپورٹ تیار کی ہے، این ٹی ڈی سی نے رپورٹ پاور ڈویژن کو جمع کرا دی ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ فریکوئنسی میں اتار چڑھاؤ کے باعث 500 کے وی کی ٹرانسمیشن لائنز پر ٹرپنگ ہوئی، ٹرپنگ کی وجہ سے این ٹی ڈی سی اور کے الیکٹرک کا سسٹم بیٹھ گیا۔ سسٹم بیٹھنے سے 11 ہزار 356 میگاواٹ بجلی سسٹم سے نکل گئی۔ این ٹی ڈی سی کی رپورٹ کے مطابق 23 جنوری کی صبح فریکوئنسی میں اتار چڑھاؤ پیدا ہوا، فریکوئنسی کے اتار چڑھاؤ سے 500 کے وی ساؤتھ ٹرانسمیشن لائنز ٹرپ کر گئیں، بریک ڈاؤن سے پہلے سسٹم کی فریکوئنسی 50 میگا ہرٹز تھی۔ فریکوئنسی اچانک بڑھ کر 57 میگا ہرٹز تک پہنچ گئی، فریکوئنسی اچانک بڑھنے سے سسٹم پر لوڈ اور ووٹیج غیر متوازن ہوئی۔ تربیلا، منگلا اور وارسک سے بحالی کا عمل فوری شروع کیا گیا۔ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ تربیلا، منگلا اور وارسک میں متعدد بار ٹرپنگ ہوئی، شام پانچ بجے بجلی کیلئے منگلا کا سیکروٹائز سسٹم کیا گیا، بنیادی فالٹ گرڈ ٹرانسمیشن لائنوں میں آیا، فریکوئنسی مسئلے کے باعث 11 ہزار 356 میگا واٹ بجلی سسٹم سے نکل۔ یاد رہے کہ 23 جنوری کو نیشنل گرڈ میں خرابی پیدا ہوئی۔ بجلی کے (بقیہ نمبر 48)

# فرنٹیئر لا کالج پشاور میں انصاف کی فراہمی کیلئے طلبہ کے درمیان مباحثہ

## ہم سب پر قانون کا احترام لازم وملزوم ہے، قانون سے بالاتر کوئی نہیں ہے

## وکالت کے پیشے میں قانون کے طلبہ کو سب سے بہترین فورم یہی سے ملتا ہے

پشاور (نیوز رپورٹر) فرنٹیئر لا کالج پشاور میں طلباوطالبات کے درمیان انصاف کی فراہمی اور عوام تک کی رسائی کے موضوع پر بحث ومباحثہ کا مقابلہ ہوا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر فرنٹیئر لا کالج اختر علی خان ایڈوکیٹ نے طلباوطالبات کو قانون کے حوالے سے بتایا کہ ہم سب پر قانون کا احترام لازم وملزوم ہے، قانون سے بالاتر کوئی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ وکالت کے پیشے میں قانون کے طلبہ کو سب سے بہترین فورم یہی سے ملتا ہے کیونکہ آگے جا کر آپ لوگو ں نے عدالتوں میں بھی اسی طرح کے بحث ومباحثے کرنے ہوتے ہیں۔ فرنٹیئر لا کالج پشاور میں طلباوطالبات کے درمیان انصاف کی فراہمی اور عوام تک کی رسائی کے موضوع پر بحث ومباحثہ کا مقابلہ ہوا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر فرنٹیئر لا کالج اختر علی خان ایڈوکیٹ نے طلباوطالبات کو قانون کے حوالے سے بتایا کہ ہم سب پر قانون کا احترام لازم وملزوم ہے، قانون سے بالاتر کوئی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ وکالت کے پیشے میں قانون کے طلبہ کو سب سے بہترین فورم یہی سے ملتا ہے کیونکہ آگے جا کر آپ لوگو ں نے عدالتوں میں بھی اسی طرح کے بحث ومباحثے کرنے ہوتے ہیں۔ فرنٹیئر لا کالج پشاور میں (بقیہ نمبر 49)

# سیکرٹری اسلام آباد ٹرانسپورٹ اتھارٹی کا بس اور ویگن اڈوں کا دورہ، دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائی

اسلام آباد (خبر نگار) سیکرٹری اسلام آباد ٹرانسپورٹ اتھارٹی نے وفاقی دارالحکومت کے مختلف بس اور ویگن اڈوں کا دورہ کیا۔ جمعرات کو ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جاری تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن کی ہدایت پر سیکرٹری اسلام آباد ٹرانسپورٹ اتھارٹی نے اپنے دورے کے دوران 30 گاڑیوں کی چیکنگ کی جن میں (بقیہ نمبر 52)

# وڈیرہ نور حسن خان دشتی سے، وڈیرہ محمد مراد خان دشتی کی ملاقات

## ان شاءاللہ برادری کے تمام سرکردہ شخصیات کا ایک اجلاس بلائیں گے

بھونگ (محمد مراد دشتی) سماجی شخصیت وڈیرہ نور حسن خان دشتی سے دشتی ہاس پیر حسین آباد میں وڈیرہ محمد مراد خان دشتی اور مقامی صحافی آصف علی دشتی نے ملاقات کی علاقائی مسائل اور دیگر امور پر سیر حاصل گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر وڈیرہ نور حسن خان دشتی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تمام دشتی برادری کو متحد ہو کر ایک پلیٹ فارم پر جمع ہو کر ایک دوسرے کی بہتری کیلیے کام کرنا چاہیے۔ آمدہ الیکشن میں تمام برادری کو ایک پلیٹ فارم پر جمع ہو کر ایک ہی امیدوار کو سپورٹ کریں تا کہ جیتنے والا امیدوار برادری کیلیے کام کر سکے۔ ان شاءاللہ برادری کے تمام سرکردہ شخصیات کا ایک اجلاس بلائیں گے جس میں برادری کے نوجوانوں اور سرکردہ شخصیات کی مشاورت سے گرینڈ الائینس تشکیل دیا جائے گا تا کہ برادری کے مسائل انکی دہلیز پر حل ہوسکیں۔ سماجی شخصیت وڈیرہ نور حسن خان دشتی سے دشتی ہاس پیر حسین آباد میں وڈیرہ محمد مراد خان دشتی اور مقامی صحافی آصف علی دشتی نے ملاقات کی علاقائی مسائل اور دیگر امور پر سیر حاصل گفتگو (بقیہ نمبر 51)



بھونگ: سماجی شخصیت وڈیرہ نور حسن خان دشتی سے دشتی ہاس پیر حسین آباد میں وڈیرہ محمد مراد خان دشتی اور مقامی صحافی کی ملاقات

# بہاکھو فلائی اوور پر بجلی لائنز کی منتقلی، نئے ٹاور کی تنصیب

## مختلف گرڈ اسٹیشن متاثر

## 132KV گرڈ اسٹیشنز مری، منہاسہ، ڈیسٹو اور سمبلی برمل مورخہ 28 جنوری صبح 8 سے 4 تک بند رہیں گے

## جس کی وجہ سے پنڈی پوائنٹ، باڑیاں، پبلک ہیلتھ، گھڑیال، پی اے ایف، اپرٹوپہ، لوڑہ، پٹریاٹہ، علاوہ ازیں فیڈر متاثر ہوں گے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بہارہ کہو فلائی اوور پر بجلی لائنز کی منتقلی/نئے ٹاور کی تنصیب کے باعث 132KV گرڈ اسٹیشنز مری، منہاسہ، ڈیسٹو، سمبلی برمل مورخہ 28 جنوری 2023 صبح 08:00 بجے تا سہ پہر 04:00 بجے تک بند رہیں گے جس کی وجہ سے پنڈی پوائنٹ، باڑیاں، پبلک ہیلتھ، گھڑیال، پی اے ایف، اپرٹوپہ، لوڑہ، پٹریاٹہ، کمپنی باغ، سیسل روسٹر، لوڑہ 2، ایم سی ایم، ٹی ڈی سی پی، کہوٹہ، سنی بینک، کلاڈانہ، پی سی، دیر کوٹ، چمن کوٹ، رنگلہ، دانہ ایکسپریس، دیلہ، سوہاوہ منہاسہ، ٹمبل، دیر کوٹ 2، ڈیسٹو، پی اے ای سی ای، شاہ درہ فیڈرز متاثر ہوں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے۔

# اللہ فواد کو نیلسن منڈیلا جیسی سزا اور بھگت سنگھ جیسی پھانسی سے بچائے، حامد میر

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) سینئر صحافی و تجزیہ کار حامد میر کا کہنا ہے کہ اللہ تعالیٰ فواد چوہدری کو نیلسن منڈیلا جیسی سزا اور بھگت سنگھ جیسی پھانسی سے بچائے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر حامد میر نے فاروق طارق نامی صارف کے ٹویٹ پر لکھا کہ (بقیہ نمبر 50)

# راولپنڈی پولیس کی پتنگ فروشوں کے خلاف کارروائیاں

## ڈوریں برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے

## پتنگ فروشوں کے خلاف جاری کریک ڈاؤن میں تیزی لائی جائے گی، ڈویژنل ایس پیز

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی پتنگ فروشوں کے خلاف کارروائیاں، 03 ملزمان گرفتار، پتنگیں اور ڈوریں برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق بنی پولیس نے ملزم حیدر کو گرفتار کر کے ملزم سے 161 پتنگیں اور 02 ڈوریں، پیرودہائی پولیس نے ملزم عثمان کو گرفتار کر لیا، ملزم سے 13 پتنگیں اور ڈور برآمد ہوئی، نصیر آباد پولیس نے ملزم ریاض کو گرفتار کر کے ملزم سے 30 پتنگیں اور 02 ڈوریں برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ پتنگ بازوں اور پتنگ فروشوں کے خلاف جاری کریک ڈاؤن میں تیزی لائی جائے گی۔

# گرین لائن ٹرین سپیریئر سروس کے طور پر (آج) سے دوبارہ چلے گی

لاہور (سٹی رپورٹر) سیلاب کے باعث بند کی گئی گرین لائن ٹرین سپیریئر سروس کے طور پر ''آج'' سے دوبارہ بحال ہوگی، ٹرین چین سے درآمد کی گئی جدید کوچز کے ساتھ چلائی جائے گی۔ محکمہ ریلوے کے مطابق گرین لائن ٹرین میں اعلیٰ معیار کی سہول